CPNE MEMBER
صحافت کی عظیم روایات کا علمبردار، آزاد غیر جانبدار اور مکمل عوامی اخبار: باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ
Daily IMROZE Islamabad
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: خالد اطہر

امروز

www.dailyimroze.com

جلد: 19 | بدھ، 24 جون 2026ء، 8 محرم الحرام 1448ھ، (صفحات 4) قیمت 20 روپے | شمارہ: 172

پاکستان کی سفارتکاری کامیاب، ایران امریکہ جنگ بندی اور مذاکرات پر متفق: شہباز شریف

ایرانی صدر کی آمد دو طرفہ تعلقات مضبوط ہوں گے

پاکستان کی سفارتکاری کے نتیجے میں ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ بندی ہوئی، جبکہ آئندہ ساٹھ روز میں تکنیکی مذاکرات مستقل امن معاہدے کی بنیاد بنیں گے

شہباز شریف نے اپوزیشن کے غیر قانونی حکومت کے الزام کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ اگر 2018 کے انتخابات جائز تھے تو موجودہ حکومت بھی جائز ہے، تحقیقات سے حقیقت سامنے آجائے گی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر اعظم شہباز شریف نے قومی اسمبلی میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سوئٹزرلینڈ میں پاکستان کی میزبانی میں ایران امریکا معاہدہ ہوا ہے، آج ایران امریکہ کے درمیان جنگ بندی ہوچکی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگلے ساٹھ روز میں ایم او یو کے مطابق تکنیکی مذاکرات ہوں گے، ساٹھ روز بعد امریکہ ایران ایک مستقل عالمی امن معاہدے تک پہنچیں گے، کل کے دنیا تمام اخبارات نے پاکستان کی کامیابی سفارتکاری کی تعریف کررہے ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آج ایران کے صدر پاکستان تشریف لارہے ہیں، آج ان کے ساتھ دونوں ممالک کے درمیاں تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کے لئے گفتگو ہوگی، آج کا دن اختلافی معاملات اٹھانے کا دن نہیں تھا، اپوزیشن لیڈر نے جو بات کی (بقیہ نمبر 1)





ٹرمپ کی ذہنی کیفیت پر نئی بحث چھڑ گئی

میری ٹرمپ کے انکشافات پر عالمی میڈیا میں بحث جاری ہے

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی بھتیجی میری ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ان کے چچا کی جسمانی اور ذہنی صحت بتدریج خراب ہو رہی ہے اور اس صورتحال کو مزید نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق میری ٹرمپ نے اپنے ہفتہ وار نیوز لیٹر میں صد (بقیہ نمبر 37)

سوات میں تیز رفتار فلائنگ کوچ کی ٹکر، دو مزدور جاں بحق

سوات (نیوز ڈیسک) چار باغ کے علاقے میں تیز رفتار فلائنگ کوچ نے فٹ پاتھ پر بیٹھے مزدوروں کو کچل دیا جس کے نتیجے میں دو مزدور جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو 11 (بقیہ نمبر 2)

افغان مہاجرین کیخلاف یورپی ممالک میں کارروائیاں تیز

ترکیہ میں انسانی سمگلنگ اور جرائم پر سخت آپریشن جاری ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) مختلف جرائم میں ملوث غیر قانونی مقیم افغان مہاجرین میزبان ممالک کیلئے سیکیورٹی اور انتظامی چیلنج بنتے جارہے ہیں۔ ترکیہ اور جرمنی نے قتل، منشیات اور انسانی اسمگلنگ سمیت دیگر جرائم میں ملوث افغان شہریوں کیخلاف کریک ڈاؤن تیز کردیا۔ ترک (بقیہ نمبر 3)

سرجانی ٹاؤن خاتون قتل کیس میں پیش رفت

شوہر سلمان گرفتار پولیس مزید ملزمان کی تلاش اور تفتیش جاری ہے

کراچی (نیوز ڈیسک) سرجانی ٹاؤن میں خاتون مصباح کے قتل کے کیس میں پولیس نے اہم پیش رفت کرتے ہوئے اس کے شوہر سلمان کو گرفتار کرلیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق یہ واقعہ 12 جون کو سرجانی ٹاؤن سیکٹر D-11 میں پیش آیا تھا جہاں مصباح کو اس کے (بقیہ نمبر 4)

ایران نے جوہری معائنے کی اجازت مسترد کردی

تہران کا مؤقف مذاکرات میں خودمختاری اور باہمی احترام پر زور دیتا ہے

تہران (نیوز ڈیسک) ایران نے واضح کیا ہے کہ حالیہ جنگ کے دوران نشانہ بننے والی جوہری تنصیبات تک بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کے معائنہ کاروں کو رسائی دینے کا فی الحال کوئی منصوبہ نہیں ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے میڈیا سے گفتگو (بقیہ نمبر 5)

ایران امریکا مذاکرات میں مشترکہ ورکنگ گروپس قائم

سوئٹزرلینڈ میں تکنیکی مذاکرات کے بعد چار شعبوں پر اتفاق کیا گیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایران اور امریکا کے درمیان سوئٹزرلینڈ میں ہونے والے تکنیکی مذاکرات اختتام پذیر ہوگئے ہیں، جہاں دونوں ممالک نے مستقبل کے مذاکرات کو آگے (بقیہ نمبر 6)

وفاقی حکومت نے گاڑیوں پر عائد ٹیکسز میں بڑا ردوبدل کردیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت نے یکم جولائی سے گاڑیوں کی مختلف کیٹیگریز پر عائد ٹیکسز میں ردوبدل کردیا ہے۔ پارلیمنٹ سے منظور شدہ فنانس بل 2026-27 کے تحت وفاقی حکومت نے یکم جولائی سے درآمدی گاڑیوں (بقیہ نمبر 35)

عالمی لیڈرز بھوکے لوگوں کے بجائے جنگوں کا پیٹ بھر رہے ہیں

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) عیسائیت کے مذہبی رہنما پوپ لیو نے کہا ہے کہ دنیا کے لیڈرز بھوکے لوگوں کے بجائے جنگوں کا پیٹ بھرنے میں لگے ہوئے ہیں۔ روم میں اقوام متحدہ کے ورلڈ فوڈ پروگرام کی گورننگ باڈی سے (بقیہ نمبر 34)

وفاقی حکومت نے انکم ٹیکس کے نئے سلیب متعارف کرادیے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے یکم جولائی 2026 سے سرکاری ملازمین اور تنخواہ دار طبقے کے لیے انکم ٹیکس کے نئے سلیب متعارف کرادیے ہیں۔ قومی اسمبلی نے فنانس بل 2026 کی منظوری دے دی ہے جس (بقیہ نمبر 33)

پٹرول قیمتوں میں کمی آئل انڈسٹری بحران کا شکار

پٹرولیم قیمتوں میں بڑی کمی سے ریفائنریوں کو بھاری نقصان، صنعت نے حکومت سے فوری پالیسی وضاحت کا مطالبہ کیا ہے

قیمتوں کے بار بار فارمولہ تبدیل ہونے سے کاروباری غیر یقینی صورتحال بڑھ گئی، سرمایہ کاروں کا اعتماد شدید متاثر ہوا ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ملک کی آئل انڈسٹری نے حکومت کی جانب سے گزشتہ ہفتے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 18 سے 20 فیصد تک ریکارڈ کمی کے فیصلے کو سخت تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے دھوئی کیا ہے کہ اس اقدام سے ریفائنریوں اور آئل مارکیٹنگ کمپنیوں (او ایم سیز) کو مجموعی طور پر تقریبا 105 ارب روپے کا نقصان پہنچا ہے، جبکہ متعدد کمپنیاں دیوالیہ ہونے کے خطرے سے دوچار ہوگئی ہیں۔ آئل سیکٹر کے اعلیٰ (بقیہ نمبر 36)

کوئی خفیہ ڈیل نہیں سب سامنے ہے

اسحاق ڈار

ایران پر حملے کے بعد پاکستان نے فوری سفارتی کوششیں شروع کیں، جس کے نتیجے میں ابتدائی سیز فائر اور امریکہ ایران مذاکرات کے متعدد دور اسلام آباد میں منعقد ہوئے

پاکستان نے خطے کے متعدد ممالک کو اعتماد میں لیا جبکہ عالمی طاقتوں نے بھی اس عمل کی حمایت کی، اور سوئٹزرلینڈ میں مذاکرات کے دوران جوہری، پابندیوں اور علاقائی مسائل پر تین ورکنگ گروپس تشکیل دیے گئے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ یہ تاثر درست نہیں کہ کسی قسم کی خفیہ ڈیل پس پردہ طے پائی ہے، اور جو بھی معاملات سامنے آئے ہیں وہ مکمل طور پر تحریری صورت میں "اسلام آباد معاہدے" کا حصہ ہیں۔ ان کے مطابق پاکستان کا اس پورے عمل میں کوئی ذاتی یا سیاسی مفاد شامل نہیں تھا، بلکہ یہ کردار خالصتاً امتِ مسلمہ اور عالمی امن کے لیے ثالثی کی کوشش کے طور پر ادا کیا گیا۔ عرب میڈیا کو دیے گئے انٹرویو میں اسحاق ڈار نے بتایا کہ 28 فروری کو اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملے کے بعد پاکستان نے فوری طور پر مذمت کی اور خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے فریقین کو مذاکرات کی میز پر لانے کی کوششیں شروع کیں۔ ان کے مطابق انہی سفارتی کوششوں کے نتیجے میں ابتدائی سیز فائر ممکن ہوا۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ پاکستان کے دارالحکومت اسلام آباد میں امریکہ اور ایران کے وفود کے درمیان 21 گھنٹوں (بقیہ نمبر 7)

منی پور میں نسلی کشیدگی شدت اختیار کرگئی

تنازع میں ہلاکتیں گھروں کی تباہی اور سیاسی الزامات میں اضافہ ہے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) مودی کی مجرمانہ خاموشی کے باعث منی پور میں جاری بدترین نسلی فسادات 1990 کی دہائی جیسی خانہ جنگی کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ ہمسایہ ممالک کے اندرونی معاملات پر پروپیگنڈا کرنے والا بھارتی میڈیا منی پور کی تباہی پر مکمل خاموشی اختیار (بقیہ نمبر 8)

میانمار فوج پر اقوام متحدہ کی سنگین رپورٹ

انتخابات کے دوران سینکڑوں شہری ہلاکتوں کا الزام رپورٹ میں سامنے آیا

جنیوا (نیوز ڈیسک) اقوام متحدہ نے اپنی تازہ رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ میانمار کی فوج گزشتہ سال انتخابات کے دوران چھ ماہ کے عرصے میں 700 سے زائد شہریوں کی ہلاکت کی ذمہ دار ہے۔ رپورٹ کے مطابق فوجی کارروائیوں میں خواتین اور بچوں کی بڑی تعداد بھی متاثر (بقیہ نمبر 9)

ایران کا دوٹوک اعلان امریکا پر دباؤ بڑھ گیا

پزشکیان نے کہا وعدوں پر عمل ہی اصل کامیابی کی علامت ہے

تہران (نیوز ڈیسک) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے امریکا کے ساتھ جاری مذاکرات کے حوالے سے اہم بیان دیتے ہوئے کہا ہے کہ مذاکرات کی کامیابی کا انحصار دونوں فریقوں کی جانب سے طے شدہ ذمہ داریوں (بقیہ نمبر 11)

پاکستان اسٹاک مارکیٹ میں اعتماد میں نمایاں اضافہ

ایس ای سی پی نے LSE SPAC-II آئی پی او کی منظوری دے دی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ پر کمپنیوں کا اعتماد مزید مستحکم ہوگیا ہے، جہاں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے پاکستان اسٹاک ایکسچینج پر LSE SPAC-II کی پبلک آفرنگ کی منظوری دے دی ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق مالی سال 2025- (بقیہ نمبر 12)

یوٹیوبر رضی طاہر کی ضمانت عدالت نے خارج کردی

این سی سی آئی اے نے کمرہ عدالت سے گرفتار کرلیا فوری کارروائی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس نے بانی پی ٹی آئی سے سابق اعلیٰ شخصیت کی ملاقات کی متنازع خبر سے متعلق این سی سی آئی اے کے مقدمہ میں یوٹیوبر رضی طاہر کی ضمانت خارج کردی۔ ایڈیشنل سیشن جج افضل مجوکہ (بقیہ نمبر 13)

پاکستان چین اشتراک سے زرعی انقلاب کی نئی راہ

بنجر زمینوں کی بحالی کیلئے جدید ٹیکنالوجی اور تحقیق کا آغاز ہوگیا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) جدید زراعت اور بنجر زمینوں کی بحالی کے پائیدار اقدامات سے پاکستان زرعی شعبے میں نمایاں مقام حاصل کر رہا ہے۔ پاکستان و چین کے اشتراک سے بنجر علاقوں میں جدید زراعت کے فروغ کے لیے پہلی زرعی تحقیقی لیبارٹری کا قیام عمل میں لایا گیا (بقیہ نمبر 24)

سرگودھا بچی قتل کیس میں پولیس نے کریک ڈاؤن شروع کردیا

پانچ مشکوک افراد گرفتار تفتیش ہر پہلو سے جاری ہے سخت کارروائی

سرگودھا (نیوز ڈیسک) مبینہ زیادتی کے بعد قتل ہونے والی سات سالہ بچی کے واقعے کا مقدمہ تھانہ سٹی میں درج کرلیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق مقدمہ مقتولہ کے والد کی مدعیت میں قتل اور دیگر متعلقہ دفعات کے تحت درج کیا گیا۔ مقدمے کے اندراج کے بعد پولیس نے (بقیہ نمبر 23)

کشمیری شہری کی پاکستان عسکری قیادت کو خراج تحسین

لال چوک سے ویڈیو پیغام میں حمایت اور نیک خواہشات کا اظہار

سری نگر (نیوز ڈیسک) لال چوک سری نگر سے تعلق رکھنے والے ایک کشمیری شہری نے اپنے ویڈیو پیغام میں پاکستان کی عسکری قیادت کے لیے نیک تمناؤں اور حمایت کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان جنگ بندی میں پاکستان کی عسکری قیادت نے اہم کردار ادا کیا، جس پر مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ شہری نے اپنے (بقیہ نمبر 22)

خواجہ آصف کا بھارت کو سب سے بڑا چیلنج

بھارت کی دوبارہ جارحیت پر سخت ردعمل کی وارننگ دی گئی اور مذاکرات کو پاکستان کی ترجیح قرار دیا گیا

پاکستان نے ایران اور خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ تعلقات کو نئی بلندیوں پر پہنچانے کا عزم ظاہر کیا ہے



اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل اور وزیر اعظم کی قیادت میں پاکستان کا عالمی وقار بلند ہوا۔ بھارت پاکستان کے مؤثر سفارتی کردار سے خوش نہیں، دوبارہ جارحیت کی تو بھرپور جواب دیا جائیگا۔ اسلام آباد میں پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ایران اور پاکستان کے تعلقات نئی بلندیوں کی جانب گامزن ہیں، خطے میں کشیدگی کم کرنے میں پاکستان نے تاریخی کردار ادا کیا۔ خواجہ آصف (بقیہ نمبر 32)

مودی سرکار کے خلاف کا کروچ جنتا پارٹی کی مقبولیت میں روز بروز اضافہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) مودی کی ناکام پالیسیوں کیخلاف سوشل میڈیا سے شروع کا کروچ جنتا پارٹی کی مقبولیت اور طاقت میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے۔ عالمی جریدہ الجزیرہ کے مطابق کا کروچ جنتا پارٹی نے نئی دہلی میں جاری دھرنا وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان کے (بقیہ نمبر 30)

جج کی نیت صرف اللہ جانتا ہے، جسٹس جمال مندوخیل کے ریمارکس

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سپریم کورٹ کے جسٹس جمال مندوخیل نے کیس کی سماعت کے دوران ریمارکس دیے ہیں کہ جج کی نیت صرف اللہ جانتا ہے، ہمیں اس طرف نہ لے کر جائیں کہ بے ایمان لکھ دیں۔ عدالت عظمیٰ نے نایاب عمرانی کی بہن صنم عمرانی قتل کیس میں (بقیہ نمبر 38)

جنوبی لبنان سے اسرائیلی فوج کا مرحلہ وار انخلا، اسرائیل کی نئی حکمت عملی

تل ابیب (نیوز ڈیسک) اسرائیل جنوبی لبنان میں اپنی فوجی موجودگی کے مستقبل کے حوالے سے ممکنہ امریکی دباؤ کو مدنظر رکھتے ہوئے نئی حکمت عملی پر غور کر رہا ہے۔ ترک خبر رساں ادارے انادولو کے مطابق اسرائیلی سرکاری نشریاتی ادارے 'کان' نے ر (بقیہ نمبر 31)

ایرانی صدر کے دورے پر راولپنڈی میں سیکیورٹی انتظامات مکمل

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) صدر اسلامی جمہوریہ ایران مسعود پیزشکیان کے دورۂ پاکستان کے پیش نظر راولپنڈی میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں۔ پولیس حکام کے مطابق نور خان ایئربیس اور اس کے گرد و نواح میں سخت سیکیورٹی نافذ (بقیہ نمبر 29)

جسٹس حسن اظہر رضوی قائم مقام چیف جسٹس بن گئے

کراچی رجسٹری میں حلف برداری جسٹس کے کے آغا خان نے لیا

کراچی (نیوز ڈیسک) جسٹس حسن اظہر رضوی نے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کے عہدے کا حلف اٹھالیا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق حلف برداری کی یہ تقریب کراچی رجسٹری میں منعقد ہوئی۔ اس حوالے سے جاری اعلامیے کے مطابق جسٹس کے کے آغا خان نے جسٹس (بقیہ نمبر 28)

وزیر اعظم و فیلڈ مارشل کی کوششوں سے امن کی راہ ہموار

پاکستان کو نوبل پرائز ملنا چاہیے، رانا ثنا اللہ

پاکستان کی سفارتی کوششوں نے ممکنہ عالمی جنگ روک دی، شہباز شریف اور عاصم منیر کی تعریف کی گئی

رانا ثنا اللہ نے کہا ایران امریکا معاہدے سے خطے میں امن، توانائی اور معاشی استحکام کی امید بڑھی

اسلام آباد (خبر نگار) وزیر اعظم کے مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ پاکستان کی سفارتی کوششوں نے دنیا کو تیسری عالمی جنگ سے بچالیا، جو کام وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کیا ہے وہ نوبل پیس پرائز سے اوپر کی بات ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پاکستان کی سفارتی کوششوں سے ایران امریکا معاہدے سے خطے میں امن کے قیام کی امید ہے، ممکنہ تیسری عالمی جنگ کی تباہی (بقیہ نمبر 27)

کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کی سروس معطل

کوئٹہ (نیوز ڈیسک) پاکستان ریلوے نے کوئٹہ سے پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کی سروس آج کے لیے معطل کر دی ہے۔ ریلوے ذرائع کے مطابق سروس کو ناگزیر وجوہات کی بنا پر عارضی طور پر منسوخ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پشاور سے کوئٹہ آنے والی جعفر ایکسپریس کو جیکب آباد اسٹیشن پر روک کر واپس روانہ کر دیا جائے گا، جس کے باعث مسافروں کو سفری مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے (بقیہ نمبر 26)

عائشہ عمر نے لیک تصاویر تنازع پر خاموشی توڑ دی

عائشہ عمر نے اجازت کے بغیر شیئرنگ کو سنگین خلاف ورزی قرار دیا

لاہور (نیوز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ اور ماڈل عائشہ عمر نے کئی برس قبل پیش آنے والے اپنی نجی تصاویر کے لیک ہونے کے تنازع پر پہلی بار کھل کر گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ تصاویر ان کی اجازت کے بغیر سوشل میڈیا پر شیئر کی گئی تھیں۔ عائشہ عمر نے حالیہ انٹرویو میں بتایا کہ وہ اپنی قریبی دوست اور اداکارہ ماریہ وسطی کے ہمراہ تھائی لینڈ میں چھٹیاں گزار رہی تھیں، اسی دوران ان کی نجی تصاویر لیک ہوکر (بقیہ نمبر 25)

نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے چینی سفیر کی اہم ملاقات

اسحاق ڈار اور چینی سفیر نے خطے میں امن، مذاکرات اور تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا

پاکستان نے علاقائی کشیدگی کم کرنے میں چین کے کردار اور سفارتی حمایت کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار سے پاکستان میں چین کے سفیر جیانگ زائی ڈونگ نے ملاقات کی جس میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد، علاقائی امن و استحکام اور پاکستان چین تعاون سمیت اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ملاقات کے دوران نائب وزیر اعظم نے سوئٹزرلینڈ کے شہر برگن سٹاک میں اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر عملدرآمد (بقیہ نمبر 10)

لاہور میں طالبہ کو ہراساں کرنے والا رکشہ ڈرائیور گرفتار

لاہور (نیوز ڈیسک) گلشن اقبال پولیس نے ون فائیو کال پر بروقت کارروائی کرتے ہوئے یونیورسٹی کی طالبہ کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے والے رکشہ ڈرائیور کو گرفتار کرلیا۔ پولیس کے مطابق طالبہ امتحان دینے کے لیے رکشے میں سوار ہوئی، تاہم ڈرائیور اسے مقررہ منزل (بقیہ نمبر 15)

ٹیکساس میں ٹیسلا گاڑی گھر میں گھسنے سے معمر خاتون ہلاک

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی ریاست ٹیکساس میں ٹیسلا کی ایک گاڑی آٹو پائلٹ نظام پر بے قابو ہوکر گھر توڑ کر اندر داخل ہوگئی جس کے نتیجے میں 76 سالہ خاتون ہلاک ہوگئیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق واقعے کے بعد امریکی حکام نے باضابطہ تحقیقات شروع کردی (بقیہ نمبر 16)

حزب اللہ کی اسرائیل کو جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی پر سخت وارننگ

بیروت (نیوز ڈیسک) لبنان کی مزاحمتی تنظیم حزب اللہ نے اسرائیل کو خبردار کیا ہے کہ اگر جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی کی گئی تو اس کا جواب اسی انداز میں دیا جائے گا۔ ایرانی نشریاتی ادارے پریس ٹی وی کے مطابق حزب اللہ کی سیاسی کونسل کے نائب سربرا (بقیہ نمبر 17)

نبیل فہمی عرب لیگ کے نئے سیکرٹری جنرل بن گئے

اردن اجلاس میں متفقہ انتخاب پانچ سالہ مدت کے لیے تقرری ہوئی

عمان (نیوز ڈیسک) مصر کے سابق وزیر خارجہ نبیل فہمی عرب لیگ کے نئے سیکرٹری جنرل مقرر ہوگئے ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ تقرری اُردن کے دارالحکومت اومان میں منعقدہ عرب لیگ کے 165ویں عام اجلاس کے دوران عمل میں آئی۔ 75 سالہ نبیل فہمی یکم جولائی کو (بقیہ نمبر 18)

چالان جمع نہ کرانے پر ڈی آئی جی جواد طارق کو سزا

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) انسدادِ دہشت گردی عدالت میں پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف احتجاج سے متعلق مقدمے کی سماعت کے دوران چالان جمع نہ کرانے پر عدالت نے سخت کارروائی کرتے ہوئے خصوصی اختیارات کے تحت ڈی آئی جی جواد طارق کو ا (بقیہ نمبر 14)

اسرائیل لبنان سے نہ نکلا تو 2000 کی تاریخ دہرائی جائیگی

اسماعیل قانی

قانی نے خبردار کیا کہ جارحیت نہ رکی تو اسرائیل کو خطے سے ذلت آمیز انجام کا سامنا ہوگا

لبنان کے لبریشن ڈے کے تناظر میں ایران نے 2000 کی تاریخی انخلا صورتحال دہرانے کی دھمکی دی ہے

تہران (مانیٹرنگ ڈیسک) ایرانی پاسداران کی قدس فورس کے سربراہ اسماعیل قانی نے اسرائیل کو جنوبی لبنان سے فوری انخلا کی وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل جنوبی لبنان سے نہ نکلا تو 2000 کی تاریخ دہرائی جائے گی۔ ایران کے سرکاری نشریاتی ادارے پریس ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق ایران کی پاسداران انقلاب کی بیرونِ ملک کارروائیوں کے ذمے دار ونگ قدس فورس کے سربراہ نے اسرائیل کو جنوبی لبنان (بقیہ نمبر 19)

بلوچ یکجہتی کمیٹی پر نئے الزامات سامنے آگئے

مسنگ پرسن قرار دیا گیا شخص مبینہ طور پر دہشت گرد نکلا



کوئٹہ (نیوز ڈیسک) فتنہ الہندوستان کی حمایت یافتہ بلوچ یکجہتی کمیٹی (بی وائی سی) کا ریاست مخالف مسنگ پرسنز بیانیہ ایک بار پھر بری طرح فلاپ ہوگیا۔ بی وائی سی کا 17 اگست 2025 کو لاپتا قرار دیا گیا یوسف نامی شخص، بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کا خطرناک دہشت گرد نکلا۔ بی وائی سی کے دھرنے میں یوسف کو جبری گمشدہ قرار دیا گیا تھا اور الزام ریاست پر لگایا گیا۔ بی وائی سی کا نام نہاد مسنگ پرسن یوسف 2025 میں (بقیہ نمبر 20)

ایران کو منجمد فنڈز سے امریکی مصنوعات خریدنے کی کوئی مجبوری نہیں

تہران (نیوز ڈیسک) ایران کے مرکزی بینک کے گورنر عبدالناصر ہمتی نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس دعوے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران پر کوئی ایسی پابندی یا شرط عائد نہیں کی گئی کہ وہ آزاد ہونے والے منجمد فنڈز صرف امریکی زرعی مصنوعات خریدنے کے لیے استعمال کرے۔ ایرانی خبر رساں ادارے تسنیم کے مطابق عبدالناصر ہمتی نے واضح کیا کہ ایران اور امریکا کے درمیان ہونے والے معاہدے کے تحت ابتدائی 6 ارب ڈالر بنیادی (بقیہ نمبر 21)

لبِ جو: ایک تجزیاتی مطالعہ

سید محمد اصغر کاظمی نے مجلہ لب جو نعت نمبر پر اپنے دل کش اور پر تاثیر اسلوب میں تبصرہ کیا ہے جسے قارئین ادب کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے ملاحظہ کیجیے: اردو ادب میں رسائل ومجلّات کی روایت نہایت قدیم، مستحکم اور ثمر آور رہی ہے۔ ادبی تاریخ کا مطالعہ اس حقیقت کو واضح کرتا ہے کہ مختلف ادوار میں مجلّات نے نہ صرف تخلیقی ادب کی اشاعت میں بنیادی کردار ادا کیا بلکہ فکری، تہذیبی اور ثقافتی شعور کی تشکیل وترویج میں بھی نمایاں خدمات انجام دیں۔ برصغیر کی ادبی روایت میں ایسے بے شمار مجلّات ملتے ہیں جنہوں نے اپنے عہد کی فکری سمت متعین کی، ادبی رجحانات کو فروغ دیا اور اہلِ قلم واہلِ ذوق کے مابین ایک مضبوط رشتہ قائم کیا۔ یہی وجہ ہے کہ ادبی مجلّات کو محض اشاعتی ذرائع نہیں بلکہ تہذیبی دستاویزات اور فکری مراکز کی حیثیت حاصل رہی ہے۔ مجلّات کی اہمیت اس اعتبار سے بھی مسلم ہے کہ یہ اپنے عہد کی علمی وادبی سرگرمیوں کا آئینہ ہوتے ہیں۔ ان کے صفحات میں صرف تخلیقی اظہار ہی نہیں بلکہ تہذیبی شعور، فکری ارتقا اور روحانی احساسات کی جھلک بھی دیکھی جاسکتی ہے۔ یہی سبب ہے کہ ایک معیاری ادبی مجلہ اپنے زمانے کے ذہنی، فکری اور ثقافتی منظرنامے کی نمائندگی کرتا ہے اور آنے والی نسلوں کے لیے ایک مستند حوالہ بن جاتا ہے۔ اسی ادبی اور تہذیبی روایت کے تسلسل میں شائع ہونے والا مجلہ "لبِ جو" اپنی انفرادیت، وقار اور فکری سنجیدگی کے باعث خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ بالخصوص اس کا پندرہ سو سالہ نعت نمبر ایک ایسی یادگار اشاعت ہے جسے اردو نعتیہ ادب کی اہم دستاویزات میں شمار کیا جا سکتا ہے۔ یہ شمارہ اپنے موضوع، ترتیب، انتخاب اور روحانی فضا کے اعتبار سے نہایت منفرد اور قابلِ قدر حیثیت رکھتا ہے۔ بظاہر یہ چند تحریروں اور منظومات کا مجموعہ نظر آتا ہے لیکن حقیقت میں یہ عشقِ رسول اکرم ﷺ، عقیدتِ مصطفیٰ ﷺ اور تہذیبی شعور کا ایک ایسا روشن استعارہ ہے جس میں ادب اور عقیدت ایک دوسرے سے ہم آغوش دکھائی دیتے ہیں۔ نعتیہ ادب اردو شاعری کی وہ مقدس اور باوقار صنف ہے جس میں اظہارِ محبتِ رسول اکرم ﷺ کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ یہ صنف محض جذباتی وابستگی کا نام نہیں بلکہ عشق، ادب، عقیدت، شعور اور روحانی وابستگی کا حسین امتزاج ہے۔ اردو ادب کی تاریخ میں نعت گوئی کی ایک درخشاں روایت موجود ہے جسے مختلف ادوار کے شاعروں نے اپنے اپنے انداز میں فروغ دیا۔ لبِ جو" کا یہ خصوصی نعت نمبر اسی عظیم روایت کا ایک خوبصورت تسلسل محسوس ہوتا ہے۔ اس شمارے کا مطالعہ کرتے ہوئے سب سے پہلا تاثر جو قاری کے ذہن پر مرتسم ہوتا ہے وہ اس کی سنجیدگی، وقار اور حسنِ ترتیب کا ہے۔ ابتدا سے انتہا تک ایک ایسی فکری اور روحانی فضا قائم رہتی ہے جو قاری کو اپنے حصار میں لے لیتی ہے۔ ہر تحریر، ہر مضمون اور ہر نعت اپنے مقام پر ایک الگ تاثیر رکھتی ہے لیکن مجموعی طور پر پورا شمارہ ایک وحدت اور ہم آہنگی کا احساس پیدا کرتا ہے۔ یہی کسی کامیاب ادارت اور اعلیٰ معیار کی اشاعت کی سب سے بڑی علامت ہوتی ہے۔ اس خصوصی اشاعت کی ایک نمایاں خصوصیت یہ ہے کہ اس میں نعت کو صرف جذباتی یا رسمی انداز میں پیش نہیں کیا گیا بلکہ اس کے فکری، روحانی، ادبی اور تہذیبی پہلوؤں کو بھی نمایاں کیا گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شمارے میں شامل مواد قاری کو محض عقیدت کے اظہار تک محدود نہیں رکھتا بلکہ اسے غور وفکر، تدبر اور روحانی بالیدگی کی طرف بھی متوجہ کرتا ہے۔ اس اعتبار سے یہ نعت نمبر صرف ایک ادبی مجموعہ نہیں بلکہ ایک فکری اور روحانی دستاویز کی حیثیت اختیار کر جاتا ہے۔ اس شمارے کی کامیابی میں اس کے مدیرِ اعلیٰ پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول کی علمی بصیرت، ادبی ذوق اور انتظامی صلاحیتوں کا بنیادی کردار ہے۔ وہ ایک صاحبِ مطالعہ، فعال اور باصلاحیت ادبی شخصیت ہیں جنہوں نے ادب کی مختلف جہات میں اپنی خدمات کے نقوش ثبت کیے ہیں۔ ان کی ادارت میں شائع ہونے والا یہ خصوصی شمارہ ان کی فکری سنجیدگی، ادبی شعور اور تنظیمی مہارت کا آئینہ دار ہے۔ کسی بھی مجلّے کی اصل روح اس کی ادارت میں پوشیدہ ہوتی ہے۔ مواد کا انتخاب، موضوعات کی درجہ بندی، تحریروں کی ترتیب، فنی حسن اور مجموعی تاثر سب کچھ مدیر کے ذوق اور بصیرت کا مظہر ہوتا ہے۔ "لبِ جو" کے اس نعت نمبر میں یہ تمام عناصر نہایت خوش اسلوبی کے ساتھ موجود ہیں۔ محسوس ہوتا ہے کہ مواد کی ترتیب میں محض فنی مہارت ہی نہیں بلکہ عشقِ رسول ﷺ کی ایک گہری کیفیت بھی شامل رہی ہے۔ یہی کیفیت شمارے کو محض ادبی اشاعت سے بلند کر کے ایک روحانی تجربے میں تبدیل کر دیتی ہے۔ اس شمارے کی ایک اور اہم خوبی اس کا معیاری انتخاب ہے۔ شاملِ اشاعت تحریروں میں فکری تنوع بھی موجود ہے اور موضوعاتی وحدت بھی۔ مختلف اہلِ قلم نے نعت کے مختلف پہلوؤں پر اظہارِ خیال کیا ہے لیکن پورا شمارہ ایک مربوط اکائی کی صورت میں سامنے آتا ہے۔ کہیں عشقِ رسول ﷺ کی والہانہ کیفیت جلوہ گر ہے، کہیں نعتیہ روایت کی تاریخی جہتیں نمایاں ہیں، کہیں فنی مباحث موجود ہیں اور کہیں روحانی وارداتوں کا اظہار ملتا ہے۔ اس تنوع کے باوجود مجموعی فضا میں انتشار یا بے ربطی محسوس نہیں ہوتی جو کامیاب ادارت کا واضح ثبوت ہے۔ فکری اعتبار سے دیکھا جائے تو یہ شمارہ نعتیہ ادب کے بنیادی تصورات کو نہایت وقار کے ساتھ پیش کرتا ہے۔ اس میں شامل مضامین محض معلوماتی نہیں بلکہ فکری سطح پر بھی قاری کی رہنمائی کرتے ہیں۔ عشقِ رسول ﷺ کی معنویت، سیرتِ طیبہ کے مختلف پہلو، نعت کی ادبی روایت اور اس کی روحانی تاثیر جیسے موضوعات کو نہایت سنجیدگی سے برتا گیا ہے۔ اس طرح یہ شمارہ صرف جذباتی وابستگی کو تقویت نہیں دیتا بلکہ شعوری اور فکری بالیدگی کا ذریعہ بھی بنتا ہے۔ فنی اعتبار سے بھی اس اشاعت کی اہمیت مسلم ہے۔ زبان کی شائستگی، اسلوب کی روانی، طباعت کا حسن، مواد کی درجہ بندی اور مضامین کی ترتیب ہر لحاظ سے ایک منظم اور باوقار ادبی منصوبہ بندی کا احساس دلاتی ہے۔ یہ وہ خوبیاں ہیں جو کسی بھی شمارے کو محض مطبوعہ مواد سے بلند کر کے ایک ادبی دستاویز میں تبدیل کر دیتی ہیں۔ یہ بات بھی قابلِ ذکر ہے کہ نعتیہ ادب صرف مذہبی ادب کا ایک حصہ نہیں بلکہ ہماری تہذیبی شناخت کا ایک اہم حوالہ بھی ہے۔ نعت نے صدیوں سے اردو زبان کو روحانیت، شائستگی اور محبت کے ایسے رنگ عطا کیے ہیں جو دوسری اصناف میں کم کم دکھائی دیتے ہیں۔ لبِ جو" کا یہ خصوصی شمارہ اسی تہذیبی روایت کے فروغ میں نمایاں کردار ادا کرتا نظر آتا ہے۔ یہ شمارہ نہ صرف ماضی کی ادبی روایت کو محفوظ کرتا ہے بلکہ نئی نسل کو بھی اس روحانی اور ادبی سرمائے سے روشناس کراتا ہے۔ اس شمارے کی ایک اہم خوبی اس کا مجموعی وقار ہے۔ بعض اوقات خصوصی شمارے محض مواد کی کثرت کی وجہ سے اپنی تاثیر کھو بیٹھتے ہیں لیکن "لبِ جو" میں ایسا نہیں ہے۔ یہاں مقدار کے بجائے معیار کو ترجیح دی گئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ شمارے کا ہر حصہ اپنی الگ شناخت رکھتا ہے اور مجموعی طور پر ایک متوازن اور متاثر کن تاثر قائم کرتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ نعت نمبر کی اشاعت بذاتِ خود ایک روحانی اور ادبی واقعہ ہوتی ہے۔ جب اس کی ترتیب میں حسنِ انتخاب، فکری بصیرت اور ادبی شعور شامل ہو جائے تو اس کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ لبِ جو" کا یہ شمارہ اسی نوعیت کی ایک یادگار کاوش ہے جسے اردو نعتیہ ادب میں احترام اور قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ "لبِ جو" کا یہ پندرہ سو سالہ نعت نمبر محض ایک ادبی اشاعت نہیں بلکہ محبتِ رسول ﷺ کے چراغوں سے منور ایک ایسی روحانی انجمن ہے جس کے صفحات سے عقیدت کی خوشبو، ادب کی لطافت اور فکر کی روشنی بیک وقت پھوٹتی محسوس ہوتی ہے۔ یہ شمارہ اپنے دامن میں نعتیہ ادب کی صدیوں پر محیط روایت کی گونج بھی سمیٹے ہوئے ہے اور عصرِ حاضر کے ادبی شعور کی جھلک بھی پیش کرتا ہے۔ اس کا مطالعہ قاری کو صرف ادبی مسرت ہی نہیں بخشتا بلکہ قلب ونظر کی تطہیر اور روح کی بالیدگی کا سامان بھی فراہم کرتا ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد نواز کنول اور ان کے رفقائے کار اس لائق ہیں کہ ان کی اس علمی، ادبی اور روحانی کاوش کو قدر وتحسین کی نگاہ سے دیکھا جائے۔ انہوں نے جس اخلاص، محبت، سلیقے اور فکری بصیرت کے ساتھ اس خصوصی شمارے کو ترتیب دیا ہے وہ بجا طور پر قابلِ ستائش ہے۔ ادب کی دنیا میں بعض کام وقتی شہرت سے بلند ہو کر مستقل حوالہ بن جاتے ہیں، اور لبِ جو" کا یہ نعت نمبر بھی اسی قبیل کی ایک باوقار اور یادگار پیشکش دکھائی دیتا ہے۔ دعا ہے کہ یہ علمی وادبی سفر اسی طرح جاری رہے، محبتِ رسول ﷺ کی یہ شمع فروزاں رہے اور لبِ جو" کے صفحات سے نکلنے والی یہ روشنی اہلِ ذوق کے قلوب واذہان کو منور کرتی رہے۔ یقین کے ساتھ کہا جاسکتا ہے کہ یہ شمارہ نہ صرف اپنے عہد کی ایک اہم ادبی دستاویز کے طور پر یاد رکھا جائے گا بلکہ آنے والے زمانوں میں بھی نعتیہ ادب، ادبی ادارت اور تہذیبی شعور کے ایک روشن استعارے کی حیثیت سے اپنی شناخت برقرار رکھے گا۔ یہی کسی کامیاب ادبی کاوش کی معراج اور کسی مدیر کے خواب کی حقیقی تعبیر ہوتی ہے۔

ملک معراج خالد: ایک فقیر منش سیاست دان



کچھ لوگ تاریخ کے صفحات پر بڑے بڑے کارناموں، سیاسی معرکوں یا طویل اقتدار کی وجہ سے جگہ بناتے ہیں، لیکن بعض شخصیات اپنی سادگی، اصول پسندی اور کردار کی مضبوطی کے باعث یاد رکھی جاتی ہیں۔ ملک معراج خالد بھی انہی نایاب سیاست دانوں میں شمار ہوتے ہیں جنہوں نے سیاست کو دولت، پروٹوکول اور ذاتی مفادات کی سیڑھی بنانے کے بجائے ایک ذمہ داری سمجھا۔ دیہی پس منظر سے تعلق رکھنے والا یہ شخص اقتدار کے اعلیٰ ترین ایوانوں تک پہنچا، مگر نہ اس کی طبیعت میں تفاخر آیا، نہ زندگی کے معمولات میں بناوٹ۔ اختلافات، جیلیں، سیاسی نشیب وفراز اور اقتدار کے مواقع اس کے راستے میں آئے، مگر اس نے ہر مرحلے پر اپنے طرزِ فکر، جمہوری اقدار اور سادہ طرزِ زندگی کو اپنی اصل شناخت بنائے رکھا۔ یہی وجہ ہے کہ ملک معراج خالد کا ذکر محض ایک سابق وزیر اعظم یا اسپیکر قومی اسمبلی کے طور پر نہیں، بلکہ ایک باوقار، اصول پسند اور باکردار سیاست دان کے طور پر کیا جاتا ہے۔ ملک معراج خالد 20 ستمبر 1916ء کو لاہور کے قریب ضلع قصور کے گاؤں کوٹ رادھا کشن میں پیدا ہوئے۔ وہ برکی کے نواحی علاقے کے ایک چھوٹے کاشتکار خاندان سے تعلق رکھتے تھے۔ ابتدائی تعلیم کے بعد انہوں نے قانون کی تعلیم حاصل کی اور وکالت کے پیشے سے وابستہ ہوئے۔ اگرچہ ان کا تعلق ایک سادہ دیہی گھرانے سے تھا، لیکن ان کی فکری وسعت اور سیاسی شعور نے انہیں قومی سطح پر ایک نمایاں مقام عطا کیا۔ ان کی عملی سیاست کا آغاز ساٹھ کی دہائی میں ایوب خان کے دور میں مسلم لیگ سے ہوا، لیکن جب انہوں نے حکومتی پالیسیوں سے اختلاف محسوس کیا تو انہوں نے "ضمیر کے بحران" کے عنوان سے ایک پمفلٹ تحریر کیا جس میں ایوب حکومت پر تنقید کی گئی تھی۔ یہ تحریر اس قدر مقبول ہوئی کہ ملک معراج خالد کی شناخت ایک صاحبِ فکر اور جمہوریت پسند سیاست دان کے طور پر ابھر کر سامنے آئی۔ جب ذوالفقار علی بھٹو نے ایوب خان کی حکومت سے علیحدگی اختیار کی تو لاہور میں ملک معراج خالد کی قائم کردہ "تنظیم" ایفرو ایشین پیپلز سالیڈیریٹی" ہی وہ پلیٹ فارم تھا جہاں سے بھٹو پہلی مرتبہ حزبِ اختلاف کے رہنما کے طور پر عوام کے سامنے آئے۔ بعد ازاں ملک معراج خالد ان ابتدائی افراد میں شامل ہوئے جنہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کی بنیادوں کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کیا۔ 1970ء کے عام انتخابات میں وہ پیپلز پارٹی کے ٹکٹ پر لاہور سے قومی اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے۔ اس زمانے کے آئین میں ایک رکن قومی اسمبلی کو چھ ماہ کے لیے کسی صوبے کا وزیر اعلیٰ مقرر کرنے کی گنجائش موجود تھی۔ اسی شق کے تحت ملک معراج خالد پنجاب کے وزیر اعلیٰ بنے۔ تاہم اس دور کے طاقتور گورنر غلام مصطفیٰ کھر کے ساتھ اختیارات کے معاملات پر ان کے اختلافات بھی سامنے آئے۔ یہ اختلافات اس بات کا ثبوت تھے کہ وہ اپنی رائے اور آئینی اختیارات کے معاملے میں سمجھوتہ کرنے کے قائل نہیں تھے۔ بعد ازاں ذوالفقار علی بھٹو نے انہیں وفاقی وزیر زراعت مقرر کیا۔ 1977ء کے متنازع انتخابات کے بعد وجود میں آنے والی قومی اسمبلی میں وہ اسپیکر منتخب ہوئے۔ یہ منصب ان کی سیاسی بصیرت اور پارلیمانی روایات سے وابستگی کا اعتراف تھا۔ ملک میں مارشل لا کے نفاذ کے بعد جب تحریک بحالی جمہوریت کا آغاز ہوا تو ملک معراج خالد اس جدوجہد کے صف اول کے رہنماؤں میں شامل رہے۔ انہوں نے آمریت کے خلاف آواز بلند کی، کئی بار جیل گئے اور جمہوری اصولوں پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا۔ ان کی سیاسی زندگی کا یہ باب اس حقیقت کا آئینہ دار ہے کہ جمہوریت کے لیے قربانیاں دینے والے افراد ہی تاریخ میں عزت پاتے ہیں۔ 1986ء میں بے نظیر بھٹو کی وطن واپسی کے بعد پیپلز پارٹی میں ایک نئی قیادت سامنے آئی۔ ملک معراج خالد کا شمار ان بزرگ رہنماؤں میں ہونے لگا جنہیں پارٹی میں "انکل" کہا جاتا تھا۔ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ انہیں پارٹی معاملات سے دور کیا جانے لگا، تاہم 1988ء کے انتخابات کے بعد جب بے نظیر بھٹو وزیر اعظم بنیں تو انہوں نے ملک معراج خالد کو قومی اسمبلی کا اسپیکر مقرر کیا۔ اس منصب پر انہوں نے غیر جانبداری اور پارلیمانی وقار کی مثال قائم کی۔ یہ ایک دلچسپ حقیقت ہے کہ جب صدر غلام اسحاق خان اور جنرل مرزا اسلم بیگ بے نظیر بھٹو کی حکومت کے خلاف سرگرم تھے تو وہ پس پردہ ملک معراج خالد کو عدم اعتماد کی تحریک کے ذریعے وزیر اعظم بننے کی ترغیب دیتے رہے، لیکن انہوں نے اقتدار کی اس پیشکش کو قبول نہیں کیا۔ اگر وہ چاہتے تو شاید اقتدار کے ایوانوں تک پہنچ سکتے تھے، لیکن انہوں نے سیاسی وفاداری اور اصولی موقف کو ذاتی مفاد پر ترجیح دی۔ یہی وہ فیصلے ہوتے ہیں جو کسی شخصیت کو محض سیاست دان نہیں بلکہ ایک کردار کا نام بنا دیتے ہیں۔ بعد ازاں بے نظیر بھٹو کے ساتھ ان کے اختلافات میں شدت آئی اور 1993ء کے انتخابات میں انہیں ان کی روایتی نشست سے پارٹی ٹکٹ نہیں دیا گیا۔ اس صورت حال کے بعد انہوں نے عملی طور پر پیپلز پارٹی کی سیاست سے کنارہ کشی اختیار کر لی۔ انہوں نے "اخوان المسلمون" کے نام سے ایک تنظیم قائم کی اور لاہور کے دیہی علاقوں میں تعلیمی اداروں کے قیام اور ان کی سرپرستی کو اپنی ترجیح بنایا۔ وہ بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد کے ریکٹر بھی مقرر ہوئے اور علمی وتعلیمی سرگرمیوں سے وابستہ رہے۔ 1996ء میں صدر فاروق احمد خان لغاری نے بے نظیر بھٹو کی دوسری حکومت برطرف کی تو ملک معراج خالد کو نگران وزیر اعظم مقرر کیا گیا۔ انہوں نے اپنی ذمہ داری کو ایک امانت سمجھتے ہوئے مقررہ تین ماہ کے اندر شفاف انتخابات کا انعقاد کروایا اور اقتدار منتخب وزیر اعظم نواز شریف کے حوالے کر دیا۔ یہ ایک ایسی مثال تھی جس نے ثابت کیا کہ اقتدار سے وابستگی کے بغیر بھی قومی ذمہ داری ادا کی جاسکتی ہے۔ ملک معراج خالد کی شخصیت کا ایک اور نمایاں پہلو ان کی سادگی تھی۔ وہ بڑے بڑے سرکاری پروٹوکول اور نمود ونمائش سے دور رہتے تھے۔ لاہور کی مال روڈ پر پیدل گھومنا، باغ جناح میں عام لوگوں کے درمیان سیر کرنا اور سادہ زندگی گزارنا ان کا معمول تھا۔ نگران وزیر اعظم بننے کے بعد انہوں نے وی آئی پی کلچر کے خلاف عملی اقدامات کیے اور ایئرپورٹ پر عام مسافروں کے راستے سے سفر کرنے کو ترجیح دی۔ یہ طرزِ عمل اس حقیقت کی نشاندہی کرتا ہے کہ عظمت کا تعلق عہدوں سے نہیں بلکہ انسان کے کردار اور رویوں سے ہوتا ہے۔ ملک معراج خالد کی زندگی اس لحاظ سے منفرد ہے کہ انہوں نے پنجاب کے وزیر اعلیٰ، وفاقی وزیر زراعت، دو مرتبہ اسپیکر قومی اسمبلی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے ریکٹر اور نگران وزیر اعظم جیسے اہم مناصب پر خدمات انجام دیں، لیکن ان کی شناخت اقتدار کی چمک دمک کے بجائے سادگی، دیانت، جمہوری مزاج اور اصول پسندی کے باعث قائم ہوئی۔ آج جب سیاست کو مفادات، شخصی کشمکش اور اقتدار کی دوڑ سے تعبیر کیا جاتا ہے تو ملک معراج خالد کی زندگی ایک روشن مثال کے طور پر سامنے آتی ہے۔ وہ ہمیں یہ سبق دیتے ہیں کہ اختلافِ رائے کے باوجود شائستگی برقرار رکھی جاسکتی ہے، اقتدار کے حصول کے لیے ہر راستہ اختیار کرنا ضروری نہیں، اور عوامی خدمت کے لیے عہدے سے زیادہ کردار کی ضرورت ہوتی ہے۔ ملک معراج خالد کی زندگی ہمیں یہ پیغام دیتی ہے کہ اصولوں پر قائم رہنے والا انسان وقتی طور پر مشکلات کا سامنا تو کرسکتا ہے، لیکن تاریخ میں عزت اور احترام اسی کا مقدر بنتا ہے۔ سادگی، دیانت، وفاداری، جمہوری اقدار کی پاسداری اور اقتدار کے بجائے خدمت کو ترجیح دینا وہ اوصاف ہیں جنہیں اگر ہماری سیاسی اور سماجی زندگی میں فروغ مل جائے تو معاشرے میں اعتماد، انصاف اور اخلاقی بلندی کی نئی روایات جنم لے سکتی ہیں۔ ایسے کردار قوموں کے لیے سرمایہ ہوتے ہیں اور آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ بن جاتے ہیں۔

دریائے گنگا

دنیا کے عظیم دریاؤں میں شمار ہونے والا دریائے گنگا محض ایک آبی گزرگاہ نہیں بلکہ جنوبی ایشیا کی تہذیب، تاریخ، ثقافت اور معیشت کا ایک اہم ستون ہے۔ صدیوں سے یہ دریا کروڑوں انسانوں کی زندگیوں کا سہارا بنا ہوا ہے۔ ہمالیہ کے برف پوش پہاڑوں سے نکلنے والا یہ عظیم دریا اپنے طویل سفر کے دوران بے شمار شہروں، قصبوں اور دیہاتوں کو سیراب کرتا ہوا خلیج بنگال میں جا گرتا ہے۔ گنگا کی اہمیت صرف جغرافیائی یا معاشی نہیں بلکہ اس کے ساتھ مذہبی، تہذیبی اور سماجی وابستگیاں بھی گہری ہیں، جس نے اسے دنیا کے منفرد ترین دریاؤں میں شامل کر دیا ہے۔ دریائے گنگا کا آغاز ہمالیہ کے علاقے گنگوتری گلیشیئر سے ہوتا ہے، جہاں سے نکلنے والی دھارا بھاگیرتھی کہلاتی ہے۔ بعد ازاں مختلف معاون دریاؤں کے ملاپ سے یہ عظیم دریا وجود پاتا ہے۔ تقریباً ڈھائی ہزار کلومیٹر سے زیادہ کا سفر طے کرتے ہوئے یہ شمالی ہندوستان کے وسیع میدانوں سے گزرتا ہے۔ اس کے کنارے آباد شہروں میں رشی کیش، ہری دوار، کانپور، الہ آباد، وارانسی، پٹنہ اور کولکتہ نمایاں ہیں۔ ان شہروں کی ترقی اور خوشحالی میں گنگا کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ تاریخی اعتبار سے دیکھا جائے تو گنگا کے کنارے انسانی آبادیوں کا قیام ہزاروں سال پرانا ہے۔ قدیم سلطنتیں، علمی مراکز اور تجارتی راستے اسی دریا کے گرد پروان چڑھے۔ گنگا کے زرخیز میدانوں نے زراعت کو فروغ دیا اور اس خطے کو دنیا کے گنجان ترین آباد علاقوں میں تبدیل کر دیا۔ آج بھی لاکھوں کسان اپنی فصلوں کی آبپاشی کے لیے اسی دریا پر انحصار کرتے ہیں۔ گندم، چاول، گنا اور دیگر زرعی اجناس کی پیداوار میں گنگا کا پانی کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ گنگا کو مذہبی لحاظ سے بھی غیر معمولی مقام حاصل ہے۔ ہندو مت میں اسے مقدس ترین دریاؤں میں شمار کیا جاتا ہے۔ عقیدہ یہ ہے کہ گنگا کا پانی روحانی پاکیزگی کا ذریعہ ہے اور اس میں غسل کرنے سے گناہوں کی معافی حاصل ہوتی ہے۔ ہر سال لاکھوں عقیدت مند مختلف مذہبی رسومات ادا کرنے کے لیے اس کے کناروں کا رخ کرتے ہیں۔ کبھ میلہ جیسی عظیم مذہبی تقریبات میں کروڑوں افراد شریک ہوتے ہیں، جو دنیا کے سب سے بڑے انسانی اجتماعات میں شمار ہوتی ہیں۔ وارانسی اور ہری دوار جیسے شہر گنگا کی مذہبی اہمیت کی زندہ مثال ہیں جہاں دن رات عبادات، دعائیں اور مذہبی تقریبات جاری رہتی ہیں۔ تاہم گنگا کی عظمت کے ساتھ ایک تلخ حقیقت بھی جڑی ہوئی ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی، صنعتی سرگرمیوں اور شہری توسیع نے اس دریا کو شدید ماحولیاتی خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ فیکٹریوں کا آلودہ پانی، گھریلو فضلہ، پلاسٹک اور دیگر کچرا بڑی مقدار میں دریا میں شامل ہو جاتا ہے۔ اس آلودگی نے نہ صرف پانی کے معیار کو متاثر کیا ہے بلکہ آبی حیات کے لیے بھی سنگین مسائل پیدا کر دیے ہیں۔ ماہرین ماحولیات مسلسل خبردار کرتے رہے ہیں کہ اگر بروقت اور مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو گنگا کا ماحولیاتی نظام ناقابلِ تلافی نقصان سے دوچار ہوسکتا ہے۔ گزشتہ برسوں میں گنگا کی صفائی اور بحالی کے لیے مختلف منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ حکومتوں اور سماجی تنظیموں نے دریا کو آلودگی سے پاک کرنے کے لیے اربوں روپے کے منصوبے متعارف کرائے ہیں۔ سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹس کی تعمیر، صنعتی فضلے پر نگرانی اور عوامی آگاہی مہمات اسی سلسلے کی کڑیاں ہیں۔ اگرچہ بعض علاقوں میں مثبت نتائج سامنے آئے ہیں، لیکن ماہرین کا خیال ہے کہ ابھی بہت کچھ کرنا باقی ہے۔ اصل کامیابی اسی وقت ممکن ہے جب حکومت، صنعت، مقامی آبادی اور سماجی ادارے مشترکہ طور پر اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ دریائے گنگا حیاتیاتی تنوع کے لحاظ سے بھی بے حد اہم ہے۔ اس میں پائی جانے والی مچھلیوں کی متعدد اقسام اور نایاب گنگا ڈولفن اس کی ماحولیاتی اہمیت کو اجاگر کرتی ہیں۔ گنگا ڈولفن کو قومی آبی جانور کا درجہ حاصل ہے، مگر آلودگی اور پانی کے بہاؤ میں تبدیلیوں کے باعث اس کی بقا خطرے میں پڑ چکی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ گنگا کے تحفظ کا مطلب صرف ایک دریا کو بچانا نہیں بلکہ ایک پورے ماحولیاتی نظام کو محفوظ بنانا ہے۔ آب وہوا کی تبدیلی بھی گنگا کے لیے ایک نیا چیلنج بن کر سامنے آئی ہے۔ ہمالیہ کے گلیشیئر تیزی سے پگھل رہے ہیں جس سے مستقبل میں پانی کی دستیابی متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔ ابتدا میں گلیشیئر پگھلنے سے پانی کی مقدار بڑھ سکتی ہے، لیکن طویل مدت میں یہ صورتحال پانی کی قلت کا سبب بن سکتی ہے۔ چونکہ کروڑوں افراد اپنی روزمرہ زندگی، زراعت اور صنعت کے لیے گنگا پر انحصار کرتے ہیں، اس لیے یہ مسئلہ صرف ایک ماحولیاتی مسئلہ نہیں بلکہ انسانی ترقی اور معاشی استحکام کا معاملہ بھی ہے۔ گنگا کی کہانی دراصل انسان اور فطرت کے باہمی تعلق کی کہانی ہے۔ یہ دریا صدیوں سے زندگی بانٹتا آیا ہے، تہذیبوں کو پروان چڑھاتا رہا ہے اور انسانوں کی روحانی و مادی ضروریات پوری کرتا رہا ہے۔ لیکن آج وہی انسان اس کے وجود کے لیے خطرہ بنتا جارہا ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ گنگا کو صرف ایک قدرتی وسیلہ سمجھنے کے بجائے ایک مشترکہ ورثہ تصور کیا جائے جس کی حفاظت آنے والی نسلوں کے لیے ناگزیر ہے۔ اگر ہم اس عظیم دریا کو آلودگی، بے احتیاطی اور ماحولیاتی تباہی سے بچانے میں کامیاب ہوگئے تو یہ آنے والے زمانوں میں بھی زندگی، خوشحالی اور ثقافتی شناخت کی علامت بنا رہے گا، ورنہ تاریخ ہمیں اس عظیم قدرتی نعمت کی حفاظت میں ناکامی کے طور پر یاد رکھے گی۔

دنیا کے عظیم دریاؤں میں شمار ہونے والا دریائے گنگا محض ایک آبی گزرگاہ نہیں بلکہ جنوبی ایشیا کی تہذیب، تاریخ، ثقافت اور معیشت کا ایک اہم ستون ہے۔ صدیوں سے یہ دریا کروڑوں انسانوں کی زندگیوں کا سہارا بنا ہوا ہے۔ ہمالیہ کے برف پوش پہاڑوں سے نکلنے والا یہ عظیم دریا اپنے طویل سفر کے دوران بے شمار شہروں، قصبوں اور دیہاتوں کو سیراب کرتا ہوا خلیج بنگال میں جا گرتا ہے۔ گنگا کی اہمیت صرف جغرافیائی یا معاشی نہیں بلکہ اس کے ساتھ مذہبی، تہذیبی اور سماجی وابستگیاں بھی گہری ہیں، جس نے اسے دنیا کے منفرد ترین دریاؤں میں شامل کر دیا ہے۔ دریائے گنگا کا آغاز ہمالیہ کے علاقے گنگوتری گلیشیئر سے ہوتا ہے، جہاں سے نکلنے والی دھارا بھاگیرتھی کہلاتی ہے۔ بعد ازاں مختلف معاون دریاؤں کے ملاپ سے یہ عظیم دریا وجود پاتا ہے۔ تقریباً ڈھائی ہزار کلومیٹر سے زیادہ کا سفر طے کرتے ہوئے یہ شمالی ہندوستان کے وسیع میدانوں سے گزرتا ہے۔ اس کے کنارے آباد شہروں میں رشی کیش، ہری دوار، کانپور، الہ آباد، وارانسی، پٹنہ اور کولکتہ نمایاں ہیں۔ ان شہروں کی ترقی اور خوشحالی میں گنگا کا کردار بنیادی حیثیت رکھتا ہے۔ تاریخی اعتبار سے دیکھا جائے تو گنگا کے کنارے انسانی آبادیوں کا قیام ہزاروں سال پرانا ہے۔ قدیم سلطنتیں، علمی مراکز اور تجارتی راستے اسی دریا کے گرد پروان چڑھے۔ گنگا کے زرخیز میدانوں نے زراعت کو فروغ دیا اور اس خطے کو دنیا کے گنجان ترین آباد علاقوں میں تبدیل کر دیا۔ آج بھی لاکھوں کسان اپنی فصلوں کی آبپاشی کے لیے اسی دریا پر انحصار کرتے ہیں۔ گندم، چاول، گنا اور دیگر زرعی اجناس کی پیداوار میں گنگا کا پانی کلیدی کردار ادا کرتا ہے۔ گنگا کو مذہبی لحاظ سے بھی غیر معمولی مقام حاصل ہے۔ ہندو مت میں اسے مقدس ترین دریاؤں میں شمار کیا جاتا ہے۔ عقیدہ یہ ہے کہ گنگا کا پانی روحانی پاکیزگی کا ذریعہ ہے اور اس میں غسل کرنے سے گناہوں کی معافی حاصل ہوتی ہے۔ ہر سال لاکھوں عقیدت مند مختلف مذہبی رسومات ادا کرنے کے لیے اس کے کناروں کا رخ کرتے ہیں۔ کبھ میلہ جیسی عظیم مذہبی تقریبات میں کروڑوں افراد شریک ہوتے ہیں، جو دنیا کے سب سے بڑے انسانی اجتماعات میں شمار ہوتی ہیں۔ وارانسی اور ہری دوار جیسے شہر گنگا کی مذہبی اہمیت کی زندہ مثال ہیں جہاں دن رات عبادات، دعائیں اور مذہبی تقریبات جاری رہتی ہیں۔ تاہم گنگا کی عظمت کے ساتھ ایک تلخ حقیقت بھی جڑی ہوئی ہے۔ بڑھتی ہوئی آبادی، صنعتی سرگرمیوں اور شہری توسیع نے اس دریا کو شدید ماحولیاتی خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔ فیکٹریوں کا آلودہ پانی، گھریلو فضلہ، پلاسٹک اور دیگر کچرا بڑی مقدار میں دریا میں شامل ہو

بقیہ نمبر ☆.....☆ 1

وہ حقائق کے خلاف ہے، کہ یہ غیر قانونی حکومت ہے۔ ان کا کہنا تھا 2018 کے الیکشن کی تحقیقات کرلیں، دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہوجاتا ہے، اس میں اگر جادوگری نہیں ہوئی اور بکسے نہیں بھرے گئے، اگر وہ جائز حکومت ہے تو یہ بھی جائز حکومت ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ بتایا جائے سال 2018 میں کیا لوگوں کو پٹے پہنا کر حکومت نہیں بنائی گئی، اگر سال 2018 کی حکومت جائز ہے تو یہ بھی جائز ہے، گزشتہ انتخابات اور 2018 کے انتخابات کی تحقیقات کروالیں، بات نکلی تو بہت دور تلک جائے گی۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 2

22 حکام کے مطابق حادثے کے نتیجے میں دو افراد شدید زخمی بھی ہوئے۔ مزدوروں کی لاشوں اور زخمیوں کو سیدو شریف اسپتال منتقل کر دیا گیا، جاں بحق مزدوروں کی شناخت بلال اور ابراھیم کے نام سے ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 3

جریدہ اخلاص نیوز ایجنسی اور افغانستان انٹرنیشنل کے مطابق ترک سیکیورٹی فورسز نے صوبہ آغدیر میں کارروائی کرتے ہوئے 5 انسانی سمگلرز اور 11 غیر قانونی افغان مہاجرین کو گرفتار کر کے اسلحہ برآمد کرلیا۔ 11 غیر قانونی افغان مہاجرین کو ملک بدر کرنے کیلئے ڈی پورٹیشن مراکز اور 5 کو پراسیکیوٹر کے دفتر منتقل کردیا گیا۔ رواں سال کے پہلے 5 ماہ میں ترکیہ سے 16 ہزار 436 افغان مہاجرین کو گرفتار کیا جاچکا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 4

والدین کے گھر میں فائرنگ کر کے قتل کیا گیا۔ تحقیقات کے مطابق گرفتار ملزم سلمان نے گھریلو تنازع کے باعث اپنے چار نامعلوم ساتھیوں کے ہمراہ مبینہ طور پر مقتولہ کے گھر میں گھس کر فائرنگ کی جس کے نتیجے میں مصباح جاں بحق ہوگئی۔ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کا مقدمہ مقتولہ کے والد ابوبکر کی مدعیت میں سرجانی ٹاؤن تھانے میں درج کیا گیا تھا جس میں شوہر سلمان اور اس کے چار نامعلوم ساتھیوں کو نامزد کیا گیا ہے، مزید تفتیش جاری ہے اور دیگر ملزمان کی گرفتاری کے لیے کارروائیاں کی جارہی ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 5

کرتے ہوئے کہا کہ تہران ایسی جوہری تنصیبات کے معائنے کی اجازت دینے کا ارادہ نہیں رکھتا جو حالیہ تنازع کے دوران حملوں کا نشانہ بنی تھیں۔ انہوں نے امریکا اور ایران کے درمیان جاری سفارتی عمل پر بات کرتے ہوئے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان کسی بھی مفاہمت کی بنیاد باہمی احترام، حقیقت پسندی اور مساوی رویے پر ہونی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر مذاکرات کو کامیاب بنانا ہے تو واشنگٹن کو دھمکی آمیز اور مغرورانہ بیانات سے گریز کرنا ہوگا۔ اسماعیل بقائی نے ایران کے منجمد مالی اثاثوں کے حوالے سے بھی اہم بیان دیا۔ انہوں نے کہا کہ جو فنڈز ایران کو واپس ملیں گے، ان کے استعمال کے بارے میں فیصلہ کرنے کا مکمل اختیار ایران کے پاس ہوگا اور تہران ان وسائل کے حوالے سے آزادانہ طور پر عمل کرنے کا مجاز ہوگا۔ سیاسی تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ ایران کا یہ مؤقف ظاہر کرتا ہے کہ تہران اپنی دفاعی اور جوہری پالیسیوں پر کسی بیرونی دباؤ کو قبول کرنے کے لیے تیار نہیں اور مذاکرات میں اپنی خودمختاری برقرار رکھنا چاہتا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 6

بڑھانے کے لیے مختلف شعبوں میں مشترکہ ورکنگ گروپس قائم کرنے پر اتفاق کیا ہے۔ ایرانی سرکاری خبر رساں ادارے آئی آر این اے کے مطابق ایران کے نائب وزیر خارجہ کاظم غریب آبادی نے بتایا کہ مذاکرات کے دوران فیصلہ کیا گیا ہے کہ اہم امور پر پیش رفت کے لیے چار الگ الگ ورکنگ گروپس تشکیل دیے جائیں گے۔ کاظم غریب آبادی کے مطابق پہلا ورکنگ گروپ اقتصادی پابندیوں کے خاتمے، دوسرا جوہری امور، تیسرا تعمیر نو اور معاشی ترقی جبکہ چوتھا معاہدے پر عمل درآمد اور نگرانی کے معاملات پر کام کرے گا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 7

پر مشتمل طویل مذاکرات کے چھ دور ہوئے، جبکہ 47 سال بعد پہلی بار دونوں ممالک کے درمیان براہِ راست بات چیت کا موقع بھی ملا۔ ان مذاکرات میں امریکی نائب صدر جے ڈی وینس، ایرانی نمائندوں اور دیگر اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ "جنگ" کے مطابق اسحاق ڈار نے مزید بتایا کہ بعد ازاں سوئٹزرلینڈ میں مذاکرات کے دوسرے مرحلے کا آغاز ہوا، جس میں تین تکنیکی گروپس تشکیل دیے گئے: جوہری امور، پابندیوں اور منجمد اثاثوں کا جائزہ، اور لبنان کی صورتحال۔ ان کے مطابق خطے میں کشیدگی کے باعث مذاکرات وقتی طور پر متاثر بھی ہوئے۔ نائب وزیرِ اعظم نے کہا کہ پاکستان نے اس پورے عمل میں سعودی عرب، مصر اور ترکیہ سمیت متعدد ممالک کو اعتماد میں رکھا، جبکہ قطر، بحرین، کویت، اردن، یورپی یونین، کینیڈا، آسٹریلیا، جاپان اور چین نے بھی اس کوشش کی حمایت کی۔ انہوں نے بتایا کہ 18 جون کو اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت پر حتمی دستخط کیے گئے، اور یہ فورم کسی بلاک کے طور پر نہیں بلکہ وسیع تر علاقائی تعاون کا پلیٹ فارم ہے۔ ان کے مطابق پاکستان نے اس دوران عالمی توانائی سپلائی چین کے استحکام کے لیے بھی اقدامات کیے اور عارضی طور پر پیٹرولیم سبسڈی کے ذریعے عوام کو ریلیف فراہم کیا۔ اسحاق ڈار کے مطابق آبنائے ہرمز سے بحری جہازوں کی آزادانہ نقل وحرکت کے لیے 60 روز کا فریم ورک بھی طے پایا ہے، جس کے تحت کسی قسم کی اضافی ٹرانزٹ یا سروس فیس عائد نہیں کی جائے گی۔ یہ تمام تفصیلات حکومتی سطح پر پاکستان کے سفارتی کردار اور خطے میں امن کے لیے کی گئی کوششوں کے طور پر بیان کی گئی ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 8

کیے ہوئے ہے۔ بھارتی جریدہ ہندوستان ٹائمز کے مطابق مودی کی نااہلی کے باعث یوکھرل میں قبائلی تنازعہ 50 گھروں کی تباہی اور 20 ہلاکتوں کا سبب بن گیا۔ پروفیسر اجائیلو نیومائی کے مطابق مودی حکومت کی غفلت سے اٹھنے والا تنازع نوے کی دہائی کی خانہ جنگی سے زیادہ تباہ کن ہے۔ منی پور کے قبائلی رہنماؤں نے مودی کے انتہا پسند ہندوتوا نظام پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے الگ انتظامیہ کا حتمی اعلان کر دیا۔ منی پور کے معروف صحافی دھیرین سادوکیم کے مطابق مودی کی سرپرستی میں انتہا پسند عناصر منی پور کو تقسیم کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔ چیئرمین ہل ایریا کمیٹی، جنرل سیکرٹری تھادو اپنی منی پور سمیت دیگر مقامی رہنماؤں نے حکومتی پالیسیوں سے شدید مایوسی کا اظہار کیا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 9

ہوئی۔ اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے دفتر کی جانب سے جاری رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اگست 2025 سے جنوری 2026 تک کے عرصے میں کم از کم 702 شہریوں کی ہلاکت کی تصدیق کی گئی۔ ہلاک ہونے والوں میں 224 خواتین اور 153 بچے شامل تھے۔ رپورٹ کے مطابق فضائی حملے شہری ہلاکتوں کی سب سے بڑی وجہ بنے۔ اقوام متحدہ کا کہنا ہے کہ کم از کم 505 افراد جنگی طیاروں، ڈرونز، پیرا موٹرز اور دیگر فضائی حملوں میں مارے گئے۔ ان ہلاک شدگان میں 175 خواتین اور 112 بچے بھی شامل تھے۔ اقوام متحدہ کی ترجمان روینا شمدسانی نے صحافیوں کو بتایا کہ رپورٹ میں درج 702 ہلاکتیں براہ راست میانمار کی فوج سے منسوب کی گئی ہیں۔ تاہم انہوں نے واضح کیا کہ دیگر مسلح گروہوں کے ہاتھوں ہونے والی تمام ہلاکتیں اس رپورٹ میں شامل نہیں ہیں اور اصل تعداد اس سے زیادہ ہوسکتی ہے۔ میانمار میں 2021 میں فوجی بغاوت کے بعد خانہ جنگی شروع ہوئی تھی، جب فوج نے منتخب حکومت کا تختہ الٹ کر اقتدار سنبھال لیا تھا۔ بعد ازاں فوجی حکومت نے محدود انتخابات کا انعقاد کیا، جنہیں عالمی سطح پر تنقید کا سامنا کرنا پڑا۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ انتخابی عمل سے قبل انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں، عدم استحکام اور سکیورٹی بحران پورے ملک میں نمایاں رہے۔ اقوام متحدہ کے مطابق کئی ایسے واقعات کی تصدیق ہوئی ہے جنہوں نے آزاد اور شفاف انتخابات کے لیے ضروری بنیادی حقوق اور آزادیوں کو شدید نقصان پہنچایا۔ رپورٹ کے مطابق شہری ہلاکتوں میں دو ادوار کے دوران نمایاں اضافہ دیکھا گیا، ایک اگست اور ستمبر میں جب انتخابات کا اعلان کیا گیا، اور دوسرا دسمبر میں جب فوج مختلف علاقوں پر دوبارہ کنٹرول حاصل کرنے کی کوشش کررہی تھی۔ اقوام متحدہ نے عالمی برادری سے مطالبہ کیا ہے کہ میانمار کی صورتحال کو عالمی عدالت کے سامنے پیش کیا جائے اور میانمار کو ہتھیاروں، جیٹ فیول اور ایسے سامان کی فراہمی روکی جائے جو بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزیوں میں استعمال ہوسکتے ہیں۔ انسانی حقوق کے کارکنوں کا کہنا ہے کہ میانمار میں جاری بحران جنوبی ایشیا کے سب سے سنگین انسانی المیوں میں تبدیل ہوچکا ہے اور عالمی برادری کو فوری اقدامات کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 10

سے متعلق ہونے والے اعلیٰ سطح مذاکرات کی پیشرفت سے چینی سفیر کو آگاہ کیا۔ انہوں نے اپنے حالیہ دورہ قاہرہ کا بھی ذکر کیا جہاں انہوں نے مصر، سعودی عرب اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ کے ہمراہ آر 4 علاقائی وزرائے خارجہ اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کا مقصد مسائل کے حل کے لیے مذاکرات کے فروغ اور پرامن حل کی مشترکہ کوششوں کو آگے بڑھانا تھا۔ اسحاق ڈار نے پاکستان کی امن کوششوں میں چین کی مستقل حمایت کو سراہتے ہوئے امن عمل میں چین کی اہم خدمات بالخصوص صدر شی جن پنگ کی 4 نکاتی تجویز اور چین پاکستان پانچ نکاتی اقدام کو خراج تحسین پیش کیا۔ چین کے سفیر نے خطے میں کشیدگی میں کمی لانے کے لیے پاکستان کے کامیاب کردار کو سراہتے ہوئے پاکستان کی ثالثی کی کوششوں کی تعریف کی اور خطے میں دیرپا امن اور استحکام کے لیے پاکستان کے کردار کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا۔ ملاقات میں دونوں فریقوں نے اس بات پر زور دیا کہ تمام تصفیہ طلب مسائل کا حل مسلسل سفارتی روابط، مکالمے اور مذاکرات کے ذریعے ہی ممکن ہے، اور اسی راستے کو آگے بڑھایا جانا چاہیے۔ نائب وزیر اعظم نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ پاکستان امن، استحکام اور مشترکہ ترقی کے مشترکہ اہداف کے حصول کیلئے چین کے ساتھ مسلسل مشاورت اور قریبی رابطہ برقرار رکھے گا، جبکہ پاک، چین آل ویدر سٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ کو مزید گہرا اور مضبوط بنانے کے لیے بھی مل کر کام جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 11

پر مکمل عمل درآمد اور ان کی درست تکمیل پر ہے۔ صدر پزشکیان نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ معاہدے کے تحت قبول کی گئی ذمہ داریوں پر عملی طور پر عمل کرنا ہی پیش رفت کا حقیقی معیار ہوگا۔ ان کا کہنا تھا کہ طے شدہ متن سے ہٹ کر دیے جانے والے بیانات مذاکرات کو آگے بڑھانے میں مددگار ثابت نہیں ہوتے۔ ایرانی صدر نے اگرچہ کسی مخصوص بیان کا نام نہیں لیا، تاہم مبصرین کے مطابق ان کا اشارہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ بیانات کی جانب ہوسکتا ہے جن پر ایرانی حکام نے اعتراضات اٹھائے ہیں۔ حالیہ دنوں میں صدر ٹرمپ نے دعویٰ کیا تھا کہ ایران جوہری تنصیبات کے معائنے کی اجازت دینے پر آمادہ ہوگیا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 12

26 کے دوران یہ چودھواں آئی پی او ہے جس کی منظوری دی گئی ہے۔ ایس ای سی پی کے مطابق LSE SPAC-II کی پبلک آفرنگ کے تحت مجموعی طور پر 2 کروڑ شیئرز فروخت کے لیے پیش کیے جائیں گے۔ ان میں سے ایک کروڑ 80 لاکھ شیئرز ادارہ جاتی سرمایہ کاروں کے لیے مختص کیے گئے ہیں، جبکہ 20 لاکھ شیئرز ریٹیل سرمایہ کاروں کے لیے دستیاب ہوں گے۔ اعلامیے کے مطابق ریٹیل سرمایہ کار 10 روپے فی شیئر کے حساب سے اس آفرنگ میں حصہ لے سکیں گے۔ اس پیشکش کے ذریعے مختلف سرمایہ کاروں کو پاکستان کی کیپٹل مارکیٹ میں سرمایہ کاری کے مزید مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ ایس ای سی پی نے بتایا کہ LSE SPAC-II کے ذریعے مستقبل میں موزوں کمپنیوں کے حصول یا انضمام کے لیے سرمایہ اکٹھا کیا جائے گا۔ اسپیشل پرپز ایکوزیشن کمپنی (SPAC) ایک ایسا ڈھانچہ ہے جو سرمایہ کاروں کے فنڈز کی مدد سے مختلف کمپنیوں کے انضمام یا حصول کا عمل مکمل کرتی ہے۔ کمیشن کے مطابق حالیہ اصلاحات کے نتیجے میں آئی پی او مارکیٹ میں سرگرمیوں میں اضافہ ہوا ہے اور سرمایہ کاروں کے لیے نئے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔ ایس ای سی پی کا کہنا ہے کہ اس پبلک آفرنگ سے نہ صرف سرمایہ کاری کے امکانات بڑھیں گے بلکہ پاکستان کی سرمایہ مارکیٹ کی گہرائی اور وسعت میں بھی مزید اضافہ متوقع ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 13

کہ نے فیصلہ سنا دیا، رضی طاہر دو ہفتے سے عبوری ضمانت پر تھے۔ این سی سی آئی اے نے رضی طاہر کو کمرہ عدالت سے گرفتار کرلیا، این سی سی آئی اے کل رضی طاہر کا جسمانی ریمانڈ حاصل کرے گی۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 14

یک ماہ قید اور ایک لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنا دی۔ انسدادِ دہشت گردی عدالت کے جج طاہر عباس سپرا نے زبانی حکم جاری کرتے ہوئے کہا کہ تحریری حکم بعد میں جاری کیا جائے گا۔ عدالت کے مطابق متعدد نوٹسز کے باوجود مقدمے کا چالان جمع نہیں کرایا جا رہا تھا۔ مذکورہ مقدمہ پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف تھانہ مارگلہ میں درج ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 15

پر لے جانے کے بجائے ایک سنسان گلی میں لے گیا۔ طالبہ کے مطابق اس نے بارہا ڈرائیور سے امتحان کے لیے بروقت پہنچانے کی درخواست کی، جس پر ملزم نے مبینہ طور پر شرط عائد کی کہ امتحان کے بعد وہ اس کے ساتھ جائے گی، تب ہی اسے چھوڑا جائے گا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ طالبہ نے امتحان مکمل کرنے کے بعد ملزم امجد کو دوبارہ بلایا اور ساتھ ہی پولیس کو اطلاع دے دی۔ اطلاع ملنے پر گلشن اقبال پولیس موقع پر پہنچی اور ملزم کو گرفتار کرلیا۔ واقعے کے حوالے سے طالبہ کے والد کی مدعیت میں مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کے لیے کیس انویسٹی گیشن ونگ کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ ایس پی اقبال ٹاؤن سدرہ خان نے ملزم کی گرفتاری پر گلشن اقبال پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ خواتین کو ہراساں کرنے والے عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی جاری رہے گی اور ایسے افراد کی جگہ جیل ہے

بقیہ نمبر ☆.....☆ 16

ہیں۔ رپورٹس کے مطابق 19 جون کو شہر کیٹی میں ایک ٹیسلا ماڈل 3 سڑک سے بے قابو ہوکر ایک رہائشی مکان کی دیوار توڑتے ہوئے اندر داخل ہوگئی۔ گھر کے اندر موجود 76 سالہ مارتھا اویلا گاڑی کی زد میں آگئیں اور زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئیں۔ ڈرائیور مائیکل بٹلر نے دعویٰ کیا کہ حادثے کے وقت گاڑی کا آٹو پائلٹ نظام فعال تھا۔ تاہم ٹیسلا کے آٹو پائلٹ پروگرام کے سربراہ اشوک ایلسوامی نے کہا کہ ڈرائیور نے حادثے سے قبل ایکسیلیریٹر مکمل طور پر دبا کر نظام کو اوور رائیڈ کیا اور گاڑی تقریباً 73 میل فی گھنٹہ کی رفتار سے چل رہی تھی۔ امریکی روڈ سیفٹی ادارے نے اس واقعے کی خصوصی حادثاتی تحقیقات شروع کردی ہیں تاکہ معلوم کیا جاسکے کہ آیا حادثے میں ٹیسلا کے آٹو پائلٹ نظام کا کوئی کردار تھا یا نہیں۔ واضح رہے کہ یہ واقعہ ایسے وقت پیش آیا ہے جب مذکورہ بالا ادارہ پہلے ہی ٹیسلا کے آٹو پائلٹ نظاموں کے حوالے سے متعدد تحقیقات کررہا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 17

محمود قماطی نے کہا ہے کہ اسرائیل کی جانب سے کسی بھی جارحانہ اقدام یا جنگ بندی کی خلاف ورزی پر حزب اللہ بھرپور ردعمل دے گی۔ محمود قماطی نے کہا کہ حزب اللہ اب ماضی کی صورتحال میں واپس نہیں جائے گی جب اسرائیلی فوج تقریباً روزانہ لبنان میں حملے کرتی تھی جبکہ حزب اللہ جنگ بندی کے احترام میں تحمل کا مظاہرہ کررہی تھی۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ حزب اللہ مکمل طور پر چوکس ہے اور ہر قسم کی ممکنہ خلاف ورزی کا مقابلہ کرنے کے لیے تیار ہے۔ ان کے مطابق تنظیم کے جنگجو ہر وقت تیار حالت میں ہیں اور اسرائیلی اقدامات پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں۔ حزب اللہ رہنما کا کہنا تھا کہ لبنان کی خودمختاری اور سلامتی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور اگر اسرائیل نے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزی کی تو اسے اسی نوعیت کے ردعمل کا سامنا کرنا پڑے گا۔ یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب حالیہ ہفتوں میں لبنان اور اسرائیل کے درمیان جنگ بندی برقرار رکھنے کی کوششیں جاری ہیں، تاہم دونوں جانب سے ایک دوسرے پر خلاف ورزیوں کے الزامات بھی عائد کیے جارہے ہیں۔ خطے کی صورتحال پر عالمی برادری بھی گہری نظر رکھے ہوئے ہے کیونکہ کسی بھی نئی کشیدگی سے مشرق وسطیٰ میں امن کی کوششوں کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق حزب اللہ کا یہ سخت مؤقف اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ تنظیم مستقبل میں کسی بھی اسرائیلی فوجی کارروائی کے جواب میں فوری ردعمل دینے کی پالیسی اختیار کرسکتی ہے، جس سے سرحدی علاقوں میں کشیدگی دوبارہ بڑھنے کا خدشہ موجود ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 18

پانچ سالہ مدت کے لیے لیگ کے نئے سربراہ کا عہدہ سنبھالیں گے اور سبکدوش ہونے والے سیکریٹری جنرل احمد ابوالغیط کی جگہ لیں گے جنہوں نے مسلسل دو مرتبہ سربراہ کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔ جون 2013 سے جولائی 2014 تک مصر کی وزارت خارجہ کی قیادت کرنے والے تجربہ کار سفارت کار کو مارچ میں متفقہ طور پر 22 رکنی عرب ممالک کا سربراہ نامزد کیا گیا تھا۔ اس تقرری پر مصری وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا کہ یہ انتخاب جناب نبیل فہمی کے پاس موجود سفارتی تجربے اور ان کے طویل پیشہ ورانہ کیریئر کی تعریف کی عکاسی کرتا ہے، جس کے ذریعے انہوں نے علاقائی اور بین الاقوامی میدانوں میں عرب کارروائیوں کی حمایت میں اپنا کردار ادا کیا۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 19

سے فوری انخلا کی وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بصورت دیگر اسے 2000 میں ہونے والے غیر مشروط انخلا جیسے انجام کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ہ اسماعیل قانی نے سوشل میڈیا پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ اگر اسرائیل اپنی جارحیت اور قبضے سے باز نہ آیا تو اسے ذلت اور شکست کے ساتھ خطے سے نکال دیا جائے گا۔ انہوں نے لکھا ہے کہ اگر تم اپنی مرضی سے جنوبی لبنان سے نہ نکلے تو 2000 کی وہی تاریخ ایک بار پھر دہرائی جائے گی، جب تم اس سرزمین سے ذلت کے ساتھ فرار ہوئے تھے، فیصلہ تمہارے ہاتھ میں ہے۔ یاد رہے کہ لبنان میں ہر سال 25 مئی کو لبریشن ڈے (لبنان) منایا جاتا ہے، جو 2000 میں اسرائیلی افواج کے جنوبی لبنان سے انخلا کی یاد میں منایا جانے والا قومی دن ہے۔ اس انخلا کو لبنان میں 22 سالہ موجودگی کے خاتمے کے طور پر دیکھا جاتا ہے، جسے خطے کی تاریخ میں ایک اہم موڑ قرار دیا جاتا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 20

فتنۃ الہندوستان میں شامل ہوا، جس کا اعتراف خود تنظیم نے کیا۔ بی وائی سی کا مسنگ پرسن یوسف 5 مارچ 2026 کو پنجگور میں سیکیورٹی فورسز پر دہشت گردانہ حملے کے دوران ہلاک ہوا۔ مبصرین کے مطابق یہ واقعہ اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ نام نہاد انسانی حقوق کی مہم جوئی اور مسلح دہشت گردی کے درمیان ایک گہرا گٹھ جوڑ موجود ہے، اب یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہوچکی ہے کہ بی وائی سی دہشتگردوں کی پروردہ جماعت ہے جس کا مقصد معصوم بلوچ نوجوانوں کو ورغلانا اور دہشتگردوں کو چھپانا ہے۔ مبصرین کا کہنا ہے کہ بی وائی سی جیسی تنظیمیں سرگرم دہشت گردوں کو ''مظلوم شہری'' بنا کر پیش کرتی ہیں تاکہ عالمی سطح پر ریاست پاکستان کو بدنام کیا جاسکے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 21

ضروریات کی اشیا اور ادویات کی خریداری کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں، تاہم اس میں امریکی مصنوعات خریدنے کی کوئی لازمی شرط شامل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو امریکا سے زرعی یا دیگر مصنوعات خریدنے کی کوئی قانونی ذمہ داری نہیں ہے البتہ اگر امریکی مصنوعات کی قیمت اور معیار دیگر ممالک کے مقابلے میں بہتر ہوئے تو ایران ان کی خریداری میں کوئی رکاوٹ نہیں سمجھے گا۔ ایرانی مرکزی بینک کے گورنر کے مطابق معاہدے کے تحت دستیاب ہونے والے باقی 6 ارب ڈالر صرف بنیادی اشیا تک محدود نہیں ہوں گے بلکہ ایران ان فنڈز سے دیگر ایسی مصنوعات بھی خرید سکتا ہے جو بین الاقوامی پابندیوں کی زد میں نہیں آتیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 22

بیان میں جوائنٹ ایکشن کمیٹی کو بھی شدید تنقید کا نشانہ بنایا اور الزام عائد کیا کہ یہ تنظیم بھارتی ایجنڈے پر کام کر رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بیرونی طاقتوں کے مفادات کے لیے سرگرم عناصر کے خلاف مؤثر کارروائی کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہیں یقین ہے کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر مقبوضہ کشمیر کے عوام کی آواز کا ساتھ دیتے رہیں گے۔ مبصرین کے مطابق یہ بیان خطے میں امن و استحکام اور مختلف سیاسی و سماجی گروہوں کے کردار سے متعلق جاری بحث کا حصہ ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 23

تفتیش کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے پانچ مشکوک افراد کو حراست میں لے لیا ہے۔ ترجمان پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی ہر پہلو سے تحقیقات جاری ہیں اور اس میں ملوث تمام کرداروں کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دلائی جائے گی۔ پولیس نے بتایا کہ بچی کی دکان پر جاتے ہوئے سی سی ٹی وی فوٹیج بھی سامنے آگئی، دکاندار نے بچی کو زیادتی کے بعد قتل کردیا اور فرار ہوگیا

بقیہ نمبر ☆.....☆ 24

ہے جس کا مقصد پاکستان کی وسیع بنجر اور صحرائی زمینوں کو جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے قابلِ کاشت بنانا ہے۔ چین کی تاریم یونیورسٹی اور نواز شریف زرعی یونیورسٹی ملتان جدید ٹیکنالوجی کے استعمال، تحقیق اور کسانوں کی تربیت کے لیے کام کریں گی۔ منصوبے کے تحت شمسی توانائی سے چلنے والے گرین ہاؤسز، ڈرون کے ذریعے فصلوں کی نگرانی اور جدید ڈرپ آبپاشی نظام متعارف کروایا جائے گا، کم لاگت والے جدید ڈیزرٹ سولر گرین ہاؤس سسٹم سے زمین کے بہتر استعمال اور زرعی پیداوار میں 35 فیصد تک اضافے میں مدد ملے گی۔ پاکستان اور چین کا یہ اشتراک جدید زرعی ٹیکنالوجی کے فروغ اور صحرائی علاقوں کو زرعی پیداوار میں شامل کرنے کی جانب ایک اہم پیشرفت ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 25

سوشل میڈیا پر گردش کرنے لگیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان تصاویر میں وہ ساحل پر موجود تھیں، جن میں ایک تصویر میں انہوں نے سوئمنگ سوٹ جبکہ دیگر میں موسمِ گرما کے لباس اور اسکرٹس زیب تن کیے ہوئے تھے۔ اداکارہ کے مطابق تصاویر سامنے آنے کے بعد انہیں شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑا، جس کے اثرات ان کی ذاتی زندگی کے ساتھ ساتھ پیشہ ورانہ کیریئر پر بھی پڑے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت شوبز انڈسٹری میں بعض پروڈیوسرز خواتین سے متعلق مخصوص سماجی تصورات کو اہمیت دیتے تھے، جس کی وجہ سے انہیں کچھ کاموں سے بھی محروم ہونا پڑا۔ عائشہ عمر نے واضح کیا کہ کسی بھی شخص کی نجی تصاویر یا معلومات کو اس کی اجازت کے بغیر پھیلانا پرائیویسی اور رضامندی کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہی وجہ ہے کہ وہ اب ایک غیر سرکاری تنظیم کے ساتھ مل کر ذاتی ڈیٹا اور تصاویر کے غلط استعمال کے خلاف آگاہی مہم کا حصہ بن رہی ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ اتنے برس بعد اس معاملے پر بات کرنے کا مقصد صرف اپنی تکلیف بیان کرنا نہیں بلکہ لوگوں میں یہ شعور اجاگر کرنا بھی ہے کہ کسی کی نجی زندگی میں مداخلت اور اس کی معلومات کو بغیر اجازت عام کرنا مستقبل میں سنگین نتائج کا باعث بن سکتا ہے۔ عائشہ عمر کے بیان کے بعد سوشل میڈیا صارفین کی جانب سے مختلف ردعمل سامنے آرہے ہیں۔ کچھ صارفین نے اداکارہ کے مؤقف کی حمایت کرتے ہوئے نجی معلومات کے تحفظ پر زور دیا، جبکہ بعض نے اس معاملے پر اپنی آراء کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 26

۔ریلوے حکام نے مسافروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ سفر سے قبل متعلقہ ریلوے اسٹیشن یا ہیلپ لائن سے ٹرینوں کی تازہ ترین صورتحال معلوم کرلیں۔ حکام کے مطابق جعفر ایکسپریس کی بحالی کے بارے میں آئندہ اعلان صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ جعفر ایکسپریس بلوچستان اور خیبر پختونخوا کے درمیان سفر کرنے والے مسافروں کے لیے ایک اہم ٹرین سروس ہے، جس کی معطلی سے متعدد مسافروں کے سفری منصوبے متاثر ہونے کا امکان ہے۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 27

سے دنیا کو بچانے کے لئے امن کی کوششیں اہم ہیں، وزیر اعظم اور فیلڈ مارشل کی کوششوں سے امن کی راہ ہموار ہوئی۔ ایک سوال پر کہ کیا ثالثی کے بعد کیا نوبل پیس پرائز پاکستان کو ملنا چاہیے؟ رانا ثنا اللہ کا کہنا تھا کہ نوبل پیس پرائز کمیٹی ہی طے کریگی کہ کسے ملنا چاہیے، جو کام وزیر اعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کیا ہے وہ نوبل پیس پرائز سے اوپر کی بات ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جنگی صورتحال کے خاتمے سے خطے میں استحکام آئیگا، عالمی معیشت کو فائدہ ہوگا، ایران پر پابندیاں ختم ہونے سے خطے میں توانائی کے منصوبے آگے بڑھ سکتے ہیں، ایران پاکستان گیس پائپ لائن منصوبہ بحال ہونے سے توانائی بحران میں کمی کی امید ہے، توانائی کی فراہمی بہتر ہونے سے گیس اور پیٹرول کی قیمتوں میں کمی کا امکان ہے۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وفاقی حکومت آزاد کشمیر الیکشن کے لیے بھرپور طریقے سے مدد کرے گی، آزاد کشمیر میں فری اور فیئر الیکشن ہوں گے، آزاد کشمیر کے جتنے بھی مسائل ہیں وہ منتخب ہونے والی قیادت ہی حل کریگی، الیکشن کے لئے جو لوگ رکاوٹ بن رہے ہیں ان کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائیگا۔ ان کا کہنا تھا کہ الیکشن کے بعد آزاد کشمیر کی منتخب قیادت جو فیصلہ کرے گی پاکستان ان کے ساتھ چلے گا

بقیہ نمبر ☆.....☆ 28

حسن اظہر رضوی سے قائم مقام چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت کے عہدے کا حلف لیا۔ تقریب میں عدالتی شخصیات اور متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اعلامیے میں بتایا گیا ہے کہ چیف جسٹس وفاقی آئینی عدالت جسٹس امین الدین خان سرکاری دورے پر روس کے شہر سینٹ پیٹرزبرگ میں موجود ہیں، جہاں وہ بین الاقوامی قانونی فورم میں شرکت کر رہے ہیں۔ وفاقی آئینی عدالت کے اعلامیے کے مطابق چیف جسٹس امین الدین خان کی غیر موجودگی میں جسٹس حسن اظہر رضوی قائم مقام چیف جسٹس کے فرائض انجام دیں گے اور عدالتی امور کی نگرانی کریں گے۔ اعلامیے میں مزید کہا گیا ہے کہ بین الاقوامی قانونی فورم عدالتی تعاون، آئینی اور قانونی امور پر عالمی سطح کے مکالمے کے فروغ کے لیے منعقد کیا جا رہا ہے، جس میں مختلف ممالک کے قانونی اور عدالتی ماہرین شرکت کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر ☆.....☆ 29

کر دی گئی ہے۔ ایرانی صدر کی آمد اور واپسی تک سیکیورٹی ڈیوٹی پر راولپنڈی پولیس کے 600 سے زائد افسران اور اہلکار تعینات رہیں گے۔ سیکیورٹی انتظامات کی نگرانی کے لیے ایک ایس ایس پی، ایک ایس پی اور 7 ڈی ایس پیز تعینات کیے گئے ہیں، جبکہ 7 انسپکٹرز، 55 اپر سب آرڈینیٹس، 243 کانسٹیبلز اور ایک ریزرو فورس ب

ایرانی صدر مسعود پزشکیان اسلام آباد پہنچ گئے، پاک ایران تعلقات اور علاقائی امور پر اہم بات چیت متوقع

نور خان ایئربیس پر ایرانی صدر کا پرتپاک استقبال صدرِ پاکستان آصف علی زرداری اور وزیرِ اعظم شہباز شریف نے کیا

اسلام آباد (پی پی اے) ایران کے صدر مسعود پزشکیان ایک روزہ سرکاری دورے پر پاکستان پہنچ گئے ان کا طیارہ نور خان ایئربیس پر اترا جہاں صدرِ پاکستان آصف علی زرداری اور وزیرِ اعظم شہباز شریف نے ان کا پرتپاک استقبال کیا استقبالی تقریب میں وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی نائب وزیرِ اعظم اسحاق ڈار بلاول بھٹو زرداری اور خاتونِ اول آصفہ بھٹو زرداری بھی موجود تھیں ایرانی صدر کو پاک فضائیہ کے جنگی طیاروں نے فضائی سلامی پیش کی جبکہ روایتی لباس میں ملبوس بچوں نے پھول پیش کر کے ان کا خیر مقدم کیا ایرانی صدر کے ہمراہ ایرانی وزیرِ خارجہ عباس عراقچی بھی وفد میں شامل ہیں، جو قبل ازیں اسلام آباد پہنچے تھے ان کا استقبال اسحاق ڈار، محسن نقوی اور بلاول بھٹو زرداری نے کیا ایرانی خبر ایجنسی کے مطابق عباس عراقچی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیرِ اعظم شہباز شریف سے ملاقات بھی کی جس میں اسحاق ڈار، محسن نقوی بلاول بھٹو زرداری آصفہ بھٹو زرداری اور ایران کے سفیر رضا امیری مقدم شریک تھے ترجمان دفترِ خارجہ طاہر حسین اندرابی کے مطابق صدر مسعود پزشکیان اپنے دورے کے دوران صدر آصف علی زرداری وزیرِ اعظم شہباز شریف نائب وزیرِ اعظم اسحاق ڈار چیئرمین سینیٹ اور اسپیکر قومی اسمبلی سے ملاقاتیں کریں گے۔ صدر مسعود پزشکیان وزیرِ اعظم شہباز شریف کی دعوت پر پاکستان آئے ہیں دورے کا مقصد امریکا اور ایران کے درمیان ثالثی کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں کو سراہنا اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانا ہے ملاقاتوں میں تجارت توانائی سرحدی تعاون عوامی روابط اسلام آباد مفاہمتی یادداشت پر پیش رفت اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلۂ خیال کیا جائے گا

پاکستان عوامی قوت پارٹی کے میڈیا سیل کا اجلاس، عوامی رابطہ مہم تیز کرنے پر اتفاق

خاقان وحید خواجہ کی جلد صحت یابی کے لیے خصوصی دعا پارٹی امور پر اہم مشاورت

اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے میڈیا سیل میں پارٹی کے عہدے داران کا ایک اجلاس ہوا جس میں پارٹی کے سیکرٹری جنرل ملک اعجاز حسین انچارج میڈیا سیل شکیل اعوان میڈم پروین میڈم فردوس میڈم شمع منشی پروفیسر عمر حیات حاجی امتیاز عاصی طاہر خان ادیب کرپا ملک رضوان فیضان عباسی اور تنویر کمال نے شرکت کی اجلاس میں پارٹی امور سے متعلق کئی تجاویز پر تفصیلی گفتگو کی گئی اور عوام رابطہ مہم میں مزید تیزی لانے کے لیے تمام رفقاء نے اپنی اپنی تجاویز دیں اس موقع پر پاکستان کی سلامتی و ترقی اور پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور چیئرمین راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن خاقان وحید خواجہ کی جلد از جلد صحت یابی کے لیے خصوصی دعا بھی کی گئی

لیاقت باغ نرسری میں سبز انقلاب کی تیاری، ہارٹیکلچر ایجنسی راولپنڈی کی پودوں کی افزائش پر خصوصی توجہ

راولپنڈی کو سرسبز بنانے کا عزم، نرسری میں جدید تکنیکوں سے موسمی، پھلدار اور سایہ دار پودوں کی تیاری جاری

راولپنڈی (پی پی اے) لیاقت باغ کی نرسری میں ہارٹیکلچر ایجنسی راولپنڈی کی جانب سے پودوں کی افزائش، نگہداشت اور بہتر نشوونما کے لیے خصوصی اقدامات کیے جا رہے ہیں شہر کو سرسبز و شاداب بنانے اور ماحول دوست پالیسی کے فروغ کے لیے نرسری میں جدید زرعی اور باغبانی تکنیکوں کو بروئے کار لایا جا رہا ہے نرسری میں موسمی سجاوٹی، پھلدار اور سایہ دار پودوں کی مختلف اقسام تیار کی جا رہی ہیں جنہیں شہر کے پارکس گرین بیلٹس، شاہراہوں اور دیگر عوامی مقامات کی خوبصورتی اور ماحولیاتی بہتری کے لیے استعمال کیا جاتا ہے ہارٹیکلچر ایجنسی کا عملہ روزانہ کی بنیاد پر پودوں کی آبپاشی کھاد کے متوازن استعمال بیماریوں سے بچاؤ اور مناسب دیکھ بھال کے امور انجام دے رہا ہے تاکہ پودوں کی صحت مند افزائش کو یقینی بنایا جا سکے ایم ڈی ہارٹیکلچر ایجنسی احمد حسن رانجھا کے مطابق ماحولیاتی تبدیلیوں اور بڑھتی ہوئی آلودگی کے باعث درختوں اور پودوں کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے ہارٹیکلچر ایجنسی راولپنڈی کو خوبصورت صاف اور سرسبز بنانے کے لیے شجرکاری مہمات اور عوامی آگاہی پروگرام بھی جاری رکھے ہوئے ہے انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ شجرکاری مہمات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے گھروں تعلیمی اداروں اور اردگرد کے ماحول میں زیادہ سے زیادہ پودے لگا کر شہر کی خوبصورتی اور ماحول کے تحفظ میں کردار ادا کریں

اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران کا شہر کے مختلف مقامات کا دورہ ڈیوٹی پر مامور جوانوں سے ملاقات

سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران نے شہر کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ

اسلام آباد (پی پی اے) اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران کا شہر کے مختلف مقامات کا دورہ ڈیوٹی پر مامور جوانوں سے ملاقات کی انکی حوصلہ افزائی کی اور امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے سمیت فرائض کی ادائیگی میں پیشہ ورانہ ذمہ داری نظم وضبط اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کیلئے خصوصی احکامات جاری کئے انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کے سینئر افسران نے شہر کے مختلف ڈیوٹی پوائنٹس کا دورہ کیا انہوں نے فرائض منصبی کی انجام دہی پر مامور اسلام آباد پولیس کے جوانوں سے ملاقات کی ان کی حوصلہ افزائی کی اور امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کیلئے اہم ہدایات جاری کیں اس موقع پر سینئر پولیس افسران نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام جوان فرائض کی ادائیگی کے دوران پیشہ ورانہ ذمہ داری نظم وضبط اور شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی کو ہر صورت یقینی بنائیں اور کسی بھی ایمرجنسی کی صورتحال سے نمٹنے کے لئے قانون کے مطابق ہر وقت تیار رہیں انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں امن و امان کو متاثر کرنے کی کسی بھی کوشش کی ہرگز اجازت نہیں دے گی شہریوں کی جان و مال اور سرکاری و نجی املاک کے تحفظ کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لاتے ہوئے موثر اقدامات کئے جائیں گے اس موقع پر انہوں نے فرائض منصبی کی بہترین انجام دہی کو یقینی بنانے کیلئے نفری کو باقاعدہ بریف بھی کیا اور تمام ڈیوٹی پوائنٹس کا خود معائنہ کیا شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے

راول فاؤنڈیشن کی ویب سائٹ کا اجرا، فلاحی سرگرمیوں کی معلومات ایک کلک پر دستیاب

خاقان وحید خواجہ کی ہدایت پر راول فاؤنڈیشن کا ڈیجیٹل پلیٹ فارم لانچ



اسلام آباد (پی پی اے) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول جنرل اینڈ ڈینٹل ہاسپٹل و راول فاؤنڈیشن کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ کی ہدایت پر راول فاؤنڈیشن کی ویب سائٹ کا باقاعدہ اجرا کر دیا گیا ہے اس حوالے سے میڈم شمع منشی نے میڈیا کو بتایا کہ ویب سائٹ معزز اراکین ووٹرز عطیہ دہندگان معاونین اور عوام الناس کے لیے ایک جامع پلیٹ فارم کے طور پر تیار کی گئی ہے جہاں فاؤنڈیشن کی فلاحی سرگرمیوں صحت تعلیم سماجی بہبود کے منصوبوں اور دیگر اہم معلومات تک آسان رسائی حاصل کی جا سکتی ہے انہوں نے کہا کہ راول فاؤنڈیشن انسانیت کی خدمت کے مشن پر گامزن ہے اور ویب سائٹ کے ذریعے عوام فاؤنڈیشن کی سرگرمیوں اور منصوبوں سے مسلسل باخبر رہ سکیں گے انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ ویب سائٹ کا وزٹ کریں فاؤنڈیشن کی سرگرمیوں سے آگاہی حاصل کریں اور اس فلاحی مشن کا حصہ بنیں ویب سائٹ ملاحظہ کرنے کے لیے

چینی وفد کا راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ سسٹم کا دورہ، جدید ٹیکنالوجی اور سرمایہ کاری میں دلچسپی

کچرے کی ری سائیکلنگ اور ماحول دوست تلفی کے منصوبے، چینی کمپنی نے راولپنڈی میں تعاون کے امکانات کا جائزہ لیا

راولپنڈی (پی پی اے) چین کی معروف کمپنی چیاؤئن سٹی مینجمنٹ کمپنی کے نائب صدر مارک وان نے اپنی ٹیم کے ہمراہ راولپنڈی ویسٹ مینجمنٹ کمپنی آر ڈبلیو ایم سی کے مرکزی دفتر، کچرا منتقلی مرکز اور ڈمپ سائٹ کا دورہ کیا دورے کا مقصد راولپنڈی میں کچرے کی ری سائیکلنگ اور جدید کچرا تلفی منصوبوں کے امکانات کا جائزہ لینا تھا چینی وفد نے صفائی ستھرائی کے نظام کچرے کی منتقلی اور تلفی کے عمل پر تفصیلی بریفنگ حاصل کی جبکہ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے مختلف آپریشنز کا بھی مشاہدہ کیا وفد نے جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کچرا انتظامی نظام میں تعاون اور سرمایہ کاری میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا اس موقع پر وفد نے تھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کے منیجنگ ڈائریکٹر رانا ساجد صفدر اور سینئر منیجر آپریشنز ڈاکٹر حامد اقبال سے ملاقات کی ملاقات میں کچرے کی ری سائیکلنگ ماحول دوست کچرا تلفی سرمایہ کاری کے مواقع اور مستقبل میں باہمی تعاون کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا چینی وفد نے راولپنڈی میں صفائی کے نظام اور کچرا انتظامی آپریشنز کو سراہتے ہوئے اس شعبے میں مشترکہ منصوبوں اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ کے لیے اپنی دلچسپی کا اظہار کیا

چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت ہونے والے اہم اجلاس

الیکشن کمیشن نے دارالحکومت اسلام آباد پنجاب اور خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق تیاریوں کا جائزہ

اسلام آباد (پی پی اے) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کی زیر صدارت ہونے والے اہم اجلاس میں الیکشن کمیشن نے دارالحکومت اسلام آباد پنجاب اور خیبر پختونخوا میں بلدیاتی انتخابات کے انعقاد سے متعلق تیاریوں کا جائزہ لیا اور متعلقہ اداروں کو ضروری اقدامات جلد مکمل کرنے کی ہدایت جاری کر دی اجلاس میں الیکشن کمیشن کے اراکین سیکریٹری الیکشن کمیشن اور دیگر سینئر افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران بلدیاتی انتخابات کے انعقاد میں حائل رکاوٹوں اور انتظامی امور پر تفصیلی غور کیا گیا الیکشن کمیشن نے خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے مطلوبہ نقشہ جات اور دیگر ضروری ڈیٹا بروقت فراہم نہ کیے جانے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے آئین کے آرٹیکل 220 کے تحت چیف سیکریٹری اور سیکریٹری لوکل گورنمنٹ خیبر پختونخوا کو نوٹس جاری کرنے کا فیصلہ کیا کمیشن نے ہدایت کی کہ 15 اضلاع کے مطلوبہ نقشہ جات اور دیگر متعلقہ معلومات یکم جولائی 2026 سے قبل الیکشن کمیشن کو فراہم کی جائیں اس معاملے کی ساعت یکم جولائی کو ہوگی جس کے لیے دونوں اعلیٰ سرکاری افسران کو ذاتی حیثیت میں طلب کر لیا گیا ہے

ڈھوک مغلاں: فری آئی کیمپ، 300 کے قریب لوگ مستفید ہوئے

الشفاء آئی ٹرسٹ ہسپتال کے ماہرین نے چیک اپ کیا، عینکیں بھی دی گئیں، آپریشن والے مریض ریفر

گوجر خان (پی پی اے) ڈھوک مغلاں یوسی گلیانہ میں لگائے گئے فری آئی کیمپ سے 300 کے قریب لوگ مستفید ہوئے، غضنفر علی مرزا کی زیر نگرانی فری آئی کیمپ میں الشفاء آئی ٹرسٹ ہسپتال کے ماہرین نے چیک اپ کیا عینکیں اور ادویات بھی دی گئیں آپریشن والے مریضوں کو ہسپتال ریفر کیا گیا کیمپ سے بچے مرد خواتین مستفید ہوئے۔ اہل علاقہ کی جانب سے غضنفر علی مرزا کی کاوش کو خراج تحسین پیش کیا گیا تنظیم مغلیہ مرکز پاکستان کے رہنما معروف ماہر تعلیم سماجی سیاسی شخصیت غضنفر علی مرزا کے توسط سے الشفاء آئی ٹرسٹ ہسپتال چکوال کے تعاون سے فری آئی کیمپ ڈھوک مغلاں یونین کونسل گلیانہ میں کامیابی سے اختتام پذیر ہوا اس موقع پر غضنفر علی مرزا کا کہنا تھا کہ خدمت خلق عین عبادت ہے اور ہم اہل علاقہ کی خدمت کے لیے ہر ممکن کوششیں کرتے رہتے ہیں

ساہیوال پولیس کی بڑی کارروائی، خاتون منشیات فروش گرفتار، 10 کلو 300 گرام چرس برآمد

بدنام زمانہ منشیات فروش خاتون گرفتار بڑی مقدار میں چرس برآمد ہوئی

ساہیوال (عامر ظہور سے) آر پی او ساہیوال رانا ایاز سلیم اور ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی ہدایت پر ساہیوال پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران بڑی کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش خاتون کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ غلہ منڈی کنور صمیم الرحمٰن اور سب انسپکٹر شہزاد جوئیہ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کامیاب کارروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش صابراں بی بی کو گرفتار کر لیا۔ کارروائی کے دوران ملزمہ کے قبضہ سے 10 کلو 300 گرام چرس برآمد ہوئی۔ پولیس نے برآمد ہونے والی منشیات قبضہ میں لے کر ملزمہ کے خلاف • مقدمہ درج • کر لیا ہے جبکہ مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ ساہیوال پولیس کا کہنا ہے کہ منشیات فروشوں اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی تاکہ نوجوان نسل کو اس ناسور سے محفوظ بنایا جا سکے۔

اوکاڑہ صحافی کے خلاف کارروائی پر جے آئی ٹی کا مطالبہ

سی این ایف گرفتاری پر صحافتی تنظیم نے وزیر اعلیٰ پنجاب سے انکوائری اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا



اوکاڑہ (نوید طارق بلوچ سے) اوکاڑہ کے قصبہ چوچک سے تعلق رکھنے والے صحافی مہر اللہ یار کی سی این ایف کے ہاتھوں گرفتاری پر ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے سیکرٹری جنرل عابد حسین مغل کا وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کو خط جے آئی ٹی بنانے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز تھانہ چوچک ضلع اوکاڑہ کے قصبہ مرولہ شریف میں CNF ساہیوال کے اہلکاروں نے سینئر صحافی مہر اللہ یار جو کہ عرصہ 30 سال سے شعبہ صحافت سے منسلک ہے کے گھر پر چھاپہ مارا، وہاں سے منشیات برآمد کرنے کا دعویٰ کیا اور مقدمہ نمبر 21 / 2026 تھانہ این سی ایس ساہیوال میں درج کر لیا۔ اصل میں صحافی مہر اللہ یار کی اپنے کزن و دیگر رشتے داروں کے ساتھ کئی سالوں سے مقدمہ بازی چل رہی ہے جن میں سے ایک اے این ایف میں ملازم بھی ہے۔ مہر اللہ یار ذمہ دار صحافی اور عدم ریکارڈ یافتہ ہے یہ وقوعہ پری پلان بنایا گیا ہے اس کا حقائق سے دور دور تک کوئی تعلق واسطہ نہ ہے۔ ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کے سیکرٹری جنرل عابد حسین مغل نے خط لکھ کر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے مطالبہ کیا ہے کہ اس مقدمہ کی تفتیش کے لیے جے آئی ٹی بنائی جائے تاکہ اس وقوعہ کی آزادانہ انکوائری ہو اور جیوفینسنگ کے ذریعے صحافی مہر اللہ یار کے گھر ریڈ سے چند منٹ پہلے منشیات رکھنے والے اصل ملزمان کو سامنے لایا جا سکے۔ صحافی کے خلاف منشیات جیسے سنگین الزام کا جھوٹا مقدمہ سی این ایف میں درج ہونا بھی ادارے پر کئی سوالات اٹھاتا ہے۔

اوکاڑہ ہسپتال واقعہ ماں بچہ کی ہلاکت پر تحقیقات شروع

ورثاء نے ہسپتال انتظامیہ پر غفلت کا الزام عائد کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا

اوکاڑہ (نوید طارق بلوچ سے) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر (ڈی ایچ کیو) ہسپتال اوکاڑہ میں ڈیلیوری کے لیے لائی گئی ایک خاتون اور اس کا نومولود بچہ جاں بحق ہو گئے، جس کے بعد ورثاء نے ہسپتال انتظامیہ پر سنگین غفلت اور غلط خون (بلڈ) لگانے کا الزام عائد کرتے ہوئے انصاف کا مطالبہ کیا ہے۔ متوفیہ کی شناخت گلشن بی بی کے نام سے ہوئی ہے، جو نواحی گاؤں 43/3-R کی رہائشی تھیں۔ ورثاء کے مطابق انہیں زچگی کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کیا گیا، جہاں دورانِ علاج مبینہ طور پر ان کے مریض کے لیے لیا گیا خون تبدیل کر دیا گیا اور غلط بلڈ لگایا گیا، جس کے باعث ماں اور بچہ دونوں جان کی بازی ہار گئے۔ دوسری جانب ہسپتال ذرائع کا کہنا ہے کہ بلڈ بینک میں خون محفوظ رکھنے والا فریزر گزشتہ تین روز سے خراب تھا، جس کی مرمت کے لیے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ (ایم ایس) کو تحریری طور پر آگاہ کیا جا چکا تھا، تاہم بروقت مرمت نہ ہونے کے باعث بلڈ بینک میں موجود خون کے متاثر ہونے کا خدشہ پیدا ہو گیا تھا۔ واقعے کے بعد ڈپٹی ایم ایس ڈاکٹر شاہنواز نے بتایا کہ معاملے کی مکمل انکوائری کی جا رہی ہے تاکہ حقائق سامنے لائے جا سکیں۔ ادھر ای او ہیلتھ نے بتایا کہ چیف کنسلٹنٹ ڈاکٹر رفعت کی سربراہی میں ایک تحقیقاتی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے، جو واقعے کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لے کر اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ کمیٹی کی رپورٹ کی روشنی میں اگر کسی ڈاکٹر یا ہسپتال کے عملے کی غفلت یا کوتاہی ثابت ہوئی تو متعلقہ افراد کے خلاف محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ دریں اثناء جاں بحق خاتون کے ورثاء نے اعلیٰ حکام سے واقعے کا شفاف نوٹس لینے، ذمہ داروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کرنے اور انہیں انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

اوکاڑہ موٹر سائیکل تصادم ایک شخص جاں بحق

حادثے میں خاتون سمیت دو افراد زخمی ریسکیو نے ہسپتال منتقل کیا

اوکاڑہ (نوید طارق بلوچ سے) اوکاڑہ نواحی قصبہ بصیر پور روڈ چک نظام دین کے قریب دو موٹر سائیکلوں میں تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ خاتون سمیت دو افراد زخمی ہو گئے تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ بصیر پور روڈ چک نظام دین کے قریب دو موٹر سائیکلوں میں تصادم ہو گیا حادثہ میں 1 شخص جانبحق ہو گیا جبکہ خاتون سمیت 2 افراد زخمی ہو گئے ریسکیو ٹیم کو اطلاع ملتے ہی موقع پر پہنچ گئی زخمیوں اور نعش کو ڈی ایچ کیو ہسپتال منتقل کر دیا گیا جاں بحق ہونے والے شخص کی شناخت بشارت ولد ہدایت علی (50 سالہ تقریباً) کے نام سے ہوئی ہے جبکہ زخمیوں میں 60 سالہ صغراں بی بی زوجہ محمد شریف اور 30 سالہ شہباز شریف ولد محمد شبیر کے ناموں سے ہوئی ہے۔

پاکستان کنزرویٹو پارٹی اور ایم کیو ایم رہنماؤں کی اہم ملاقات

جمہوری استحکام اور کراچی مسائل پر مشترکہ جدوجہد پر اتفاق ہوا ہے

کراچی رائیونڈ (دادوشاہ سے) پاکستان کنزرویٹو پارٹی کے چیئرمین دانش چنہ نے ایم کیو ایم پاکستان کے سینئر رہنما و سابق ایم این اے، ایڈووکیٹ سلمان مجاہد بلوچ سے کراچی پارٹی کے مرکزی سیکرٹیریٹ میں اہم ملاقات کی۔ اس موقع پر پاکستان کنزرویٹو پارٹی کے انفارمیشن سیکریٹری سید حسنین عالم بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ملکی سیاسی صورتحال اور جمہوری اقدار کے استحکام پر تفصیلی تبادلہ خیال ہوا۔ دونوں رہنماؤں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ملکی ترقی کے لیے سیاسی جماعتوں کو ذاتی و جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر قومی مفاد کو ترجیح دینی ہوگی۔ ملاقات میں کراچی کے عوامی مسائل کو بھی زیر بحث لایا گیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ پانی کی قلت، ٹریفک جام، تجاوزات، صفائی کی ناقص صورتحال، غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور امن و امان کے مسائل نے کراچی کے شہریوں کو شدید مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی ملک کی معاشی شہ رگ ہے اور قومی خزانے میں 70 فیصد سے زائد ریونیو دینے کے باوجود اسے اس کے جائز حقوق نہیں دیے جا رہے۔ دونوں رہنماؤں نے کراچی کے مسائل کے حل کے لیے سیاسی وابستگی سے ہٹ کر مشترکہ جدوجہد اور متفقہ آواز اٹھانے کا عزم ظاہر کیا۔

اوکاڑہ محرم انتظامات وزیر نے روٹ کا معائنہ

صوبائی وزیر نے امام بارگاہ کنٹرول روم میں مانیٹرنگ سسٹم چیک کیا

اوکاڑہ (نوید طارق بلوچ سے) صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی کا محرم کے مرکزی ماتمی جلوس کے روٹ اور امام بارگاہ کا دورہ، اس موقع پر ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز ملہی، اہل تشیع کے نمائندوں سمیت دیگر افسران بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر نے روٹ کے مختلف پوائنٹس پر انتظامات اور سکیورٹی امور کا جائزہ لیا اور امام بارگاہ کے کنٹرول روم میں کیمروں سے روٹ کی مانیٹرنگ کی بھی چیکنگ کی۔ صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے اقدامات کی باریک بینی سے مانیٹرنگ کر رہی ہیں۔ عزاداروں کے لیے بہترین انتظامات کے ساتھ ساتھ جامع سیکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ محرم کے انتظامات کے احسن اور پرامن انعقاد کے لیے تمام ممکن اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ یوم عاشورہ کے اختتام تک اقدامات کا سلسلہ تسلسل سے جاری رکھا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ محرم کے حساس موقع پر کوتاہی برتنے والے افسران کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی۔

ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال میں ایڈیشنل کمشنر کا دورہ اور جائزہ

ہسپتال انتظامیہ کو مریضوں کیلئے معیاری علاج ادویات اور صفائی بہتر بنانے کی ہدایت جاری کی گئی

ساہیوال (عامر ظہور سے) ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا اور ایمرجنسی وارڈ، آرتھوپیڈک وارڈ سمیت مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیا اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ دورے کے موقع پر ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ہسپتال انتظامیہ سے تفصیلی بریفنگ لی جس میں مفت ادویات کی فراہمی، طبی و پیرامیڈیکل عملے کی دستیابی، صفائی ستھرائی کی مجموعی صورتحال اور مریضوں کے علاج معالجے کے نظام کے بارے میں آگاہ کیا گیا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ مریضوں کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ہر صورت یقینی بنائی جائے اور مفت ادویات کے نظام میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے ایمرجنسی وارڈ میں مریضوں سے ملاقات بھی کی اور ان سے فراہم کردہ سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ شہریوں نے علاج معالجے کی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا تاہم بعض امور کی نشاندہی بھی کی جن کے فوری حل کی ہدایت کی گئی۔ ایڈیشنل کمشنر ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ ہسپتال میں ماحول کو صاف ستھرا رکھنا انتظامیہ کی اولین ترجیح ہونی چاہیے تاکہ مریضوں کو بہتر اور محفوظ ماحول فراہم کیا جا سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ حکومت کی ہدایت کے مطابق صحت کے شعبے میں بہتری اور عوامی ریلیف اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔

اوکاڑہ محرم انتظامات اجلاس عزاداروں کیلئے خصوصی سہولیات کا اعلان

صوبائی وزیر نے سکیورٹی ہیلتھ اور ریسکیو کور سمیت مکمل انتظامات یقینی بنانے کی ہدایت جاری کی

اوکاڑہ (نوید طارق بلوچ سے) صوبائی وزیر زراعت ولائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی کی زیر صدارت اعلیٰ سطحی اجلاس، اجلاس میں کمشنر ساہیوال ڈاکٹر آصف طفیل، آر پی او محمد ایاز سلیم، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید اور ڈی پی او ڈاکٹر اسد اعجاز، لیگی رہنما چوہدری فیاض ظفر سمیت اہل تشیع کے نمائندوں اور دیگر افسران نے بھی شرکت کی۔ ضلعی انتظامیہ اور دیگر محکموں کے افسران نے محرم الحرام کے سلسلہ میں اقدامات بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر نے تمام متعلقہ محکموں کے افسران کو فیلڈ میں متحرک رہنے کے احکامات دیے اور محرم الحرام پر عزاداروں کے لیے ہیلتھ اور ریسکیو کور سمیت مسٹ فینز کی سہولت فراہم کرنے کی خصوصی ہدایات بھی دیں۔ صوبائی وزیر زراعت نے مرکزی جلوس کے روٹ اور امام بارگاہ ایوان حسین میں انتظامات اور سکیورٹی امور کا بھی جائزہ لیا اور وزیر اعلیٰ پنجاب اور ان کی ٹیم کی جانب سے محرم الحرام پر بہترین انتظامات کے عزم کا اظہار کیا۔ صوبائی وزیر زراعت ولائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی زیر قیادت صفائی ستھرائی کے تاریخی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ محرم الحرام کے جلوسوں کے راستوں میں قبل از وقت ترقیاتی کام مکمل کیے گئے ہیں۔ انہوں نے زور دیتے ہوئے کہا کہ محرم الحرام پر گڈ گورننس کی اعلیٰ مثال قائم کی جائے۔ یوم عاشورہ پر عزاداروں کو طبی امداد، تمام ادویات سمیت مسٹ فینز کے ذریعے ریلیف فراہم کیا جائے گا۔ صوبائی وزرا اور ضلعی انتظامیہ کے افسران کی جانب سے محرم کے جامع اقدامات کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ منظم سکیورٹی میکانزم کے لیے امام بارگاہوں میں کیو آر کوڈ اور پینک بٹن نصب کیے گئے ہیں۔ بہترین سکیورٹی اقدامات سے عوام کو محفوظ ماحول فراہم کیا جائے گا۔

شیخوپورہ ریجن میں محرم سیکیورٹی جائزہ اجلاس مکمل ہوا

قصور سیف سٹی میں اعلیٰ پولیس افسران نے بریفنگ لی تفصیلی جائزہ

تفصیلات (نواب یاور حسین اسدی) کے مطابق آر پی او شیخوپورہ ریجن محمد اطہر اسماعیل، ڈی پی او قصور آفتاب احمد پھلروان اور ایس پی انویسٹیگیشن محمد ضیاء الحق نے محرم الحرام کے سلسلے میں سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینے کے لیے سیف سٹی قصور کا دورہ کیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی شیخوپورہ ریجن محمد طاہر علی نے محرم الحرام کے دوران امن و امان برقرار رکھنے، جلوسوں و مجالس کی سیکیورٹی، مانیٹرنگ سسٹم اور پولیس کی مجموعی حکمت عملی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ افسران نے سیکیورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ محرم الحرام کے دوران عوام کے جان و مال کے تحفظ اور پرامن ماحول کے قیام کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں

چونیاں میں 6 محرم الحرام کا پہلا مرکزی جلوس برآمد ہوا

شب علم مولا عباس کا جلوس امام بارگاہ سے پرامن ماحول میں نکال کر اختتام پذیر ہوا

چونیاں: 6 محرم الحرام کا پہلا مرکزی جلوس برآمد رپورٹ نواب یاور حسین اسدی کے مطابق چونیاں میں محرم الحرام کے حوالے سے پہلا مرکزی جلوس شبہ علم مولا غازی عباس علمدار علیہ اسلام مرکزی امام بارگاہ سید امان علی شاہ سے برآمد ہو چکا ہے۔ جل